آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز پیر 13 جولائی 2026ء بمطابق 27 محرم الحرام 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر-186

بڑھتی ہوئی مہنگائی میں مسلسل اضافے نے عام آدمی کی زندگی انتہائی دشوار بنا دی ہے، فضل الرحمن

ریاست شہریوں کے آئینی حقوق کا تحفظ، شفاف انتخابات کو یقینی بنائے تو ملک سیاسی و معاشی استحکام کی جانب بڑھ سکتا ہے

وسائل کی تقسیم آئین، انصاف اور مساوات کے اصولوں کے مطابق ہونی چاہیے تاکہ احساسِ محرومی ختم ہو، جمعیت علمائے اسلام ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے، سربراہ جے یو آئی

قصور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان کو ایک آزاد، خودمختار، اسلامی، جمہوری، خوشحال اور باوقار ریاست بنانا جمعیت علمائے اسلام کی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے، عوام کے آئینی، جمہوری، معاشی اور سیاسی حقوق کے تحفظ، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور قومی وحدت کے لیے جمعیت علمائے اسلام اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی بھی ایسے اقدام کو قبول نہیں کرے گی جو عوام کے بنیادی حقوق، قومی خودمختاری یا اسلامی تشخص کے منافی ہو۔ قصور میں منعقدہ ایک عظیم الشان عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ برصغیر کے مسلمانوں اور بالخصوص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

آزاد کشمیر ہو یا پاکستان، ترقی کی واحد علامت اور ضمانت صرف نواز شریف ہیں، بلال اظہر کیانی

جہلم کی طرح میر پور بھی ان کا اپنا گھر ہے اور پاکستان و کشمیر کی ترقی ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہے

پاکستان ہو یا آزاد کشمیر، گزرے کل کی طرح آج بھی ترقی کا واحد نشان، علامت اور ضمانت صرف قائد محمد نواز شریف ہیں، خطاب

میر پور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر ہو یا پاکستان، ترقی کی واحد علامت اور ضمانت صرف نواز شریف ہیں۔ کارنر میٹنگ اور تنظیمی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہو یا آزاد کشمیر، گزرے کل کی طرح آج بھی ترقی کا واحد نشان، علامت اور ضمانت صرف قائد محمد نواز شریف ہیں۔ انہوں نے نواز شریف کی ملکی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ملک میں موٹر ویز اور بجلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے برطانوی دارالامرا کے رکن لارڈ عامر کی ملاقات

برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی کو درپیش مسائل اور ان کی خدمات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے لارڈ عامر سرفراز نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات، برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی اور برطانیہ کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ لارڈ عامر سرفراز نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں نائب وزیر اعظم کے مسلسل اور فعال کردار کو سراہا۔ انہوں نے برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو درپیش اہم مسائل اور دونوں ممالک کے لیے ان کی خدمات سے بھی آگاہ کیا۔ نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار نے پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پاسداران انقلاب کا آبنائے ہرمز کو تاحکم ثانی مکمل بند کرنے کا اعلان

اگر امریکا نے ڈیل کے تحت اپنے وعدے پورا نہ کیے تو ایرانی حکومت مفاہمتی یادداشت پر عمل ترک کر دے گی

دشمن جہاز پر فائرنگ کے واقعے کو بہانہ بنا کر کسی بھی قسم کی غلطی کرتا ہے تو سخت جواب دیا جائے گا، پاسداران انقلاب

تہران (آئی این پی) ایران کی پاسداران انقلاب کی بحریہ نے آبنائے ہرمز کو تاحکم ثانی بند کرنے کا اعلان کر دیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ ایک بحری جہاز نے غیر منظور شدہ راستے سے گزرنے کی کوشش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

☆☆ کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گزشتہ روز دہشتگرد حملے سے متاثرہ ہنہ اوڑک کلی ہیری کے دورے کے موقع پر فورسز سے گفتگو کر رہے ہیں ☆☆

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی کے خلاف جنگ کا درد وہ خود بھی محسوس کرتے ہیں کیونکہ ان کے اپنے خاندان نے بھی اس جنگ میں بھاری قربانیاں دی ہیں

حکومت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہیری بند اوڑک کے عوام نے دہشت گردوں کا جس بہادری اور جرات سے مقابلہ کیا وہ قابل تحسین ہے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور ریاست اپنے عوام کو ہر قیمت پر تحفظ فراہم کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو ہیری بند اوڑک کے دورے کے موقع پر شہدا کے لواحقین سے تعزیت، فاتحہ خوانی اور اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کا درد وہ خود بھی محسوس کرتے ہیں کیونکہ ان کے اپنے خاندان نے بھی اس جنگ میں بھاری قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنے خاندان کے قریبی افراد سمیت متعدد عزیزوں کو دہشت گردی کی نذر ہوتے دیکھا ہے اور ان کے اپنے چھوٹے بھائی سمیت اہل خانہ بھی دہشت گردی کا نشانہ بن چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حالیہ دنوں میں قبائلی رہنما میر شفیق الرحمن مینگل کے گھر پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ماشکیل میں بے گناہ مزدوروں کے قتل کی مذمت

شہید ہونے والے صرف پنجابی مزدور نہیں تھے بلکہ پاکستان کے شہری، محنت کش اور ہمارے اپنے بھائی تھے، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک کی تحصیل ماشکیل میں نہتے اور بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید ہونے والے صرف پنجابی مزدور نہیں تھے بلکہ پاکستان کے شہری، محنت کش اور ہمارے اپنے بھائی تھے۔ ان پر حملہ کسی ایک صوبے یا قومیت پر نہیں بلکہ پاکستان کی وحدت، آئین اور ریاست پر حملہ ہے

صوبائی حکومت نے ماشکیل میں بے گناہ مزدوروں کے قتل کا نوٹس لے لیا

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے ماشکیل میں فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں پانچ معصوم اور بے گناہ مزدوروں کے قتل کے افسوسناک واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کا حکم دے دیا ہے

امریکا کا ایران پر حملوں کا تیسرا مرحلہ مکمل، 140 فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

حملوں میں ایران کے میزائل اور ڈرون تنصیبات، اسلحہ گودام، مواصلاتی مراکز اور ساحلی نگرانی کے نظام کو نشانہ بنایا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے ایران کے خلاف تین روز کے دوران حملوں کے تیسرے مرحلے میں تقریباً 140 ایرانی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔ امریکی فوج کے مطابق یہ کارروائیاں آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں پر ہونے والے حملوں کے ردعمل میں کی گئیں۔ سینٹکام کی جانب سے جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ٹرمپ کا کشیدگی کے باوجود آبنائے ہرمز جہازوں کیلئے کھلی ہونے کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کمرشل جہازوں کی آمدورفت کے لیے کھلی ہوئی ہے جبکہ امریکا اور ایران کے ایک دوسرے پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ایگزیکٹو برانچ Executive Branch کی رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

☆☆☆ کراچی، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کیخلاف پیپلز پارٹی کی مرکزی کال پر احتجاج کیا جا رہا ہے ☆☆☆

آج تک کسی کالعدم تنظیم کو تسلیم کیا اور نہ بھتہ دیا ہے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

جس حکومتی شخص نے میرے خلاف غلط پروپیگنڈہ کیا اس کے خلاف جلد ایک ارب روپے کا ہرجانہ بھجوانا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا ہے کہ حکومت میں شامل کچھ لوگ ہمارے خلاف پروپیگنڈے کر رہے ہیں اور کالعدم تنظیم سے منسلک کر کے بھتہ دینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

مانگی سانحہ، 14 شہید پولیس اہلکاروں کے ورثا کا دھرنا چوتھے روز بھی جاری

مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا، شہدا کے لواحقین کا دوٹوک موقف

کوئٹہ (یو این اے) زیارت کے علاقے مانگی میں دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے 14 پولیس اہلکاروں کے ورثا کا میتوں کے ہمراہ احتجاجی دھرنا چوتھے روز بھی کوئٹہ کے ہمراہ احتجاجی دھرنا چوتھے روز بھی کوئٹہ کے کوئلہ پھاٹک پر جاری رہا۔ مرکزی شاہراہ پر دھرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کوئٹہ میں مہنگائی کا طوفان، سبزیاں، پھل، مرغی، گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں بڑا اضافہ

ٹماٹر 200، پیاز 600 روپے فی پانچ کلو، زندہ مرغی 420 اور گوشت 560 روپے فی کلو، شہریوں کی قوت خرید جواب دینے لگی

کوئٹہ (یو این اے) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی کی نئی لہر دیکھنے میں آ رہی ہے۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات فوری طور پر سبزیوں، پھلوں، مرغی، گھی اور کوکنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ایک ہفتے میں پیٹرول پر لیوی 15 روپے 86 پیسے بڑھا دی گئی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی حکومت نے صرف ایک ہفتے کے دوران پیٹرول پر لیوی 15 روپے 86 پیسے فی لیٹر بڑھا دی۔ اعداد و شمار کے مطابق اگر حکومت پیٹرولیم لیوی میں یہ اضافہ نہ کرتی تو آج پیٹرول کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

وفاقی حکومت کا سرنجر پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ

روایتی سرنجر پر مکمل پابندی کے لیے یکم جولائی کا جاری کردہ حکم نامہ منسوخ کیا جائے گا، یاد رہے کہ یکم جولائی کو 3 اور 10 سی سی کی روایتی سرنجر پر پابندی عائد کی گئی تھی

روایتی سرنجر پر مکمل پابندی کے فیصلے سے قبل تمام متعلقہ فریقین سے مشاورت کی گئی اور یہ فیصلہ طویل مشاورت کے بعد کیا گیا ہے، ڈریپ

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی حکومت نے روایتی (مینول) سرنجر پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی (ڈریپ) نے روایتی سرنجر پر پابندی کے لیے ورکنگ مکمل کر لی ہے، جس کے تحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

☆☆☆ مزید کے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں ☆☆☆

احتجاج میں طلبا کو شامل کرنے پر کچھ ہوا تو ذمہ دار کالعدم ایکشن کمیٹی ہوگی، آزاد کشمیر حکومت

مظفر آباد (این این آئی) ترجمان حکومت آزاد جموں و کشمیر نے کہا ہے کہ کالعدم ایکشن کمیٹی نے اپنے احتجاج میں 14 اور 15 جولائی کو طلبہ و طالبات سے شرکت کی اپیل کی ہے

زیارت دہشت گردانہ واقعہ قابل مذمت ہے، عمر خان ترین

پشین (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹری عمر خان ترین، ضلعی سینئر معاونین حاجی اکبر صاحب، اکرم خان بوستانی، واجد وطن پال اور ملک منظور اچکزئی اور دیگر ضلعی معاونین نے اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کوئلہ پھاٹک پل ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا، شہر میں آمدورفت بحال

دھرنے کے باعث بند پل کھلنے پر شہریوں نے اطمینان کا اظہار، ٹریفک کی روانی بہتر ہوگئی

کوئٹہ (یو این اے) ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو درپیش ٹریفک مشکلات کے پیش نظر کوئلہ پھاٹک پل ٹریفک کے لیے کھول دیا، جس کے بعد شہر کے مختلف علاقوں کے درمیان آمدورفت بحال ہوگئی اور ٹریفک کی روانی میں نمایاں بہتری آنا شروع ہوگئی۔ کوئلہ پھاٹک پر زیارت اور ہنہ اوڑک کے واقعات میں 42 افراد، جن میں اکثریت پولیس اہلکاروں کی ہے، کی شہادت کے خلاف جاری دھرنے کے باعث پل بند تھا، جس سے شہر بھر میں شدید ٹریفک جام اور شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا تھا۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

وزیر اعظم شہباز شریف کا کابینہ میں نئے چہرے شامل کرنے کا فیصلہ

مشاورت مکمل، نئے شامل ہونے والے ارکان کو وزیر مملکت کے عہدے دیے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ نوجوان اور نئے چہرے شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے مشاورت مکمل کر لی، نئے شامل ہونے والے ارکان کو وزیر مملکت کے عہدے دیے جانے کا امکان ہے۔

وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ایرانی ہم منصب کا رابطہ، کشیدگی میں کمی پر زور

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے مطابق کشیدگی میں کمی اور تحمل کا راستہ اختیار کیا جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے جس میں کشیدگی میں کمی پر زور دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

ایرانی حملوں کے خلاف خلیجی ممالک کے سخت بیانات سامنے آ گئے

ایران کا رویہ خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچا رہا ہے، سعودی وزارت خارجہ

ریاض/مسقط/کویت سٹی (این این آئی) خلیجی ممالک سعودی عرب، عمان اور کویت نے حالیہ ایرانی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں علاقائی سلامتی، خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ سعودی وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

مدینہ منورہ میں نادرا آفس کی خدمات بحال کر دی گئیں

شناختی دستاویزات اور دیگر رجسٹریشن سے متعلق خدمات کیلئے نادرا آفس سے رجوع کر سکتے ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانی شہریوں کے لیے مدینہ منورہ میں نادرا آفس کی خدمات اتوار 12 جولائی سے بحال کر دیں۔ نادرا کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سعودی حکومت کی ہدایات پر حج سیزن کے دوران مدینہ منورہ میں نادرا آفس کی خدمات عارضی طور پر معطل کی گئی تھیں

مانگی سانحہ، 14 شہید پولیس اہلکاروں کے ورثا کا دھرنا چوتھے روز بھی جاری

حکومت سے مذاکرات بے نتیجہ، مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا، شہدا کے لواحقین کا دوٹوک موقف

مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کی کوششیں جاری، کوئلہ پھاٹک پر دھرنے سے ٹریفک شدید متاثر

کوئٹہ (یو این اے) زیارت کے علاقے مانگی میں دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے 14 پولیس اہلکاروں کے ورثا کا میتوں کے ہمراہ احتجاجی دھرنا چوتھے روز بھی کوئٹہ کے کوئلہ پھاٹک پر جاری رہا۔ مرکزی شاہراہ پر دھرنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سابہوال، وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ، آج گاؤں داد بلوچ یونین کونسل کاریالیس سولرائزڈ واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

سینیٹ کا 362 واں سیشن، 6 ارکان ایک دن بھی اجلاس میں حاضر نہ ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کا 362 واں سیشن گزشتہ ماہ منعقد ہوا جس میں 6 ارکان سینیٹ ایک دن بھی اجلاس میں حاضر نہ ہوئے، 10 سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جاپان سے دبئی جانے والے جہاز کی کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ

کراچی (یو این اے) جاپان کے شہر اوساکا سے دبئی جانے والے امارات ایئرلائن کے کارگو طیارے کی کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی۔ میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

بلوچستان، 142 ہائی رسک یونین کونسلز میں انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہوگی

مہم کے دوران 7 لاکھ 30 ہزار 670 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی 142 ہائی رسک یونین کونسلز میں انسداد پولیو مہم (آج) پیر سے شروع ہوگی۔ مہم کے دوران 7 لاکھ 30 ہزار 670 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ای او سی کے مطابق مہم کوئٹہ، پشین، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اقوام متحدہ میں ایران کا پاکستان سے اظہار تشکر، سلامتی کونسل اجلاس پر شدید اعتراض

اجلاس بحرین اور پانچ یورپی رکن ممالک، ڈنمارک، فرانس، یونان، لٹویا اور برطانیہ کی درخواست پر بلایا گیا تھا

نیویارک (این این آئی) ایران نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اپنے جوہری پروگرام سے متعلق منعقد ہونے والے اجلاس میں ووٹنگ سے غیر حاضر رہنے پر پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اجلاس قانونی بنیاد سے محروم تھا اور اسے بلانے کا کوئی جواز موجود نہیں تھا۔

گوادر پورٹ پر پہلی بار میرین بنکرنگ آپریشن مکمل

کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم کے بعد این ایل سی کے تعاون سے گوادر پورٹ پر بھی بنکرنگ سروس کا آغاز ہو گیا

گوادر، اسلام آباد (این این آئی) کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم کے بعد این ایل سی کے تعاون سے گوادر پورٹ پر بھی بنکرنگ سروس کا آغاز ہو گیا، گوادر میں پہلی بنکرنگ کے بعد پاکستان کی تینوں بڑی تجارتی بندرگاہوں پر بین الاقوامی جہازوں کو بنکرنگ کی سہولت دستیاب ہو گئی۔ وائس چیئرمین سینیٹر بنگو نے کہا کہ گزشتہ 10 ماہ سے سینیٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

حکومت غیر ذمہ دار اور عوامی مسائل سے لاعلم ہے، ڈاکٹر حامد خان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل صدر سے مربوط ترخہ بدہ علاقائی یونٹ کانفرنس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی پارلیمانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

جوڈیشل کمیشن آج قائم ہوگا، مسلح جتھوں کے خلاف کارروائی ہوگی، حکومتی وفد

وزیر اعلیٰ نے سانحہ زیارت کو اپنے بھائیوں کا غم سمجھ کر فوری اقدامات کیے، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو

لیویز کی بحالی اسمبلی کی قانون سازی سے ممکن، ایف سی چیک پوسٹوں پر خدشات کور کمانڈر کے سامنے رکھے جائیں، حکومتی وفد

کوئٹہ (یو این اے) سانحہ زیارت کے شہدا کے لواحقین کے ساتھ گزشتہ شب سے جاری مذاکرات کے دوران حکومتی وفد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ٹیلیفونک مشاورت کے بعد شرکا کو حکومتی فیصلوں اور یقین دہانیوں سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وہ گزشتہ روز بھی وزیر اعلیٰ کی ہدایات پر لواحقین سے مذاکرات کے لیے آئے تھے اور وزیر اعلیٰ نے اس سانحے کو اپنے بھائیوں کا غم سمجھتے ہوئے ذاتی طور پر اس معاملے کی نگرانی کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی خود بذریعہ سڑک زیارت پہنچے، متاثرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

70 سال حکومت کرنے والوں سے پوچھیں، جعفر آباد ترقی سے کیوں محروم ہے، عبدالمجید بادینی

جعفر آباد (این این آئی) جماعت اسلامی بلوچستان کے رکن صوبائی اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ بی اے ڈی میر عبدالمجید بادینی نے اپنے حلقہ انتخاب کے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے بحالی خاندان کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

خضدار، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و قبائلی شخصیت میر شفیق الرحمان مینگل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مشکیل نامعلوم مسلح افراد فائرنگ، پنجاب سے تعلق رکھنے والے 5 مزدور جاں بحق

حملہ آور فائرنگ کے بعد موقع سے فرار، پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات اور لاشوں کو آبائی علاقوں میں منتقلی کا آغاز

مقتولین کی لاشوں کو ضروری ہسپتال کارروائی اور قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد ان کے آبائی علاقوں کی جانب روانہ کیا جا رہا ہے، پولیس

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع واشک کے سرحدی علاقے ماشکیل میں نامعلوم مسلح افراد نے دکانوں پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وہاں کام کرنے والے 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق، جاں بحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مقامی ہسپتال میں زیر علاج ڈاکٹر محمد حسین بگٹی کی عیادت کر رہے ہیں

اسرائیلی فوج کی غزہ میں جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری، مزید دو فلسطینی شہید

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج کی غزہ میں جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

افغان طالبان رجیم میں انسانی حقوق کی بدترین پامالیوں پر عالمی سطح پر آوازیں اٹھنے لگیں

اسلام آباد (یو این اے) افغان طالبان رجیم میں انسانی حقوق کی بدترین پامالیوں پر عالمی سطح پر آوازیں اٹھنے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق قابض طالبان رجیم میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اسلام نے خواتین کو وقار، مساوات اور بنیادی حقوق عطا کیے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

پاکستان میں خواتین سیاست، پارلیمنٹ، عدلیہ، تعلیم، کاروبار اور دیگر شعبوں میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و برائے انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانا پاکستان کی اولین ترجیح ہے، پاکستان میں خواتین سیاست، پارلیمنٹ، عدلیہ، تعلیم، کاروبار اور دیگر شعبوں میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آذربائیجان میں او آئی سی لیبر سینڈر کی ایڈمنسٹریٹو ڈویژن کی سربراہ جلیلہ اللہ وردیوغا سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں دونوں فریقوں نے خواتین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

سانحہ زیارت کے شہدا کے لواحقین اور حکومتی وفد کے درمیان مذاکرات آج دوبارہ ہوں گے

مطالبات پر پیش رفت کے بعد احتجاجی دھرنا ختم ہونے کا امکان، ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) سانحہ زیارت کے شہدا کے لواحقین اور حکومت بلوچستان کے درمیان جاری مذاکرات کا ایک اور اہم دور آج متوقع ہے، جس میں شہدا کے اہل خانہ کی جانب سے پیش کیے گئے مطالبات پر حتمی پیش رفت کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومتی وفد اور لواحقین کے درمیان گزشتہ مذاکرات میں متعدد اہم نکات پر پیش رفت ہوئی تھی، جبکہ عدالتی تحقیقاتی کمیشن (جوڈیشل کمیشن) کے قیام، مسلح گروہوں کے خلاف کارروائی، سیکیورٹی سے متعلق اقدامات اور دیگر مطالبات پر مزید مشاورت جاری ہے۔

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل ڈوکوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں

13 جولائی 2026ء

تیل پیدا کرنیوالے کئی ممالک نے پاکستان میں ذخیرہ کاری میں دلچسپی ظاہر کردی

وفاقی وزیر برائے میری ٹائم افیئرز محمد جنید انوار نے کہا ہے کہ حکومت کے انرجی سٹی منصوبے میں اہم پیش رفت ہو رہی ہے اور حالیہ علاقائی کشیدگی کے بعد کئی آئل پیدا کرنے والے ممالک پاکستان میں تیل ذخیرہ کرنے میں دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں، اس منصوبے کے تحت نجی کمپنیاں حکومت سے زمین کرائے پر حاصل کر کے جدید آئل اسٹوریج سہولیات قائم کریں گی جہاں تیل کو ڈیوٹی فری بنیادوں پر ذخیرہ اور برآمد کیا جا سکے گا، پاکستان کے پاس خود اتنا سرمایہ نہیں کہ بڑے پیمانے پر اسٹریٹجک ذخائر قائم کر سکے تاہم اس ماڈل کے ذریعے نہ صرف سرمایہ کاری آئے گی بلکہ مشکل وقت میں یہ ذخائر ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے بھی استعمال کیے جا سکیں گے۔ وہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے ان کا خیر مقدم کیا۔ تقریب میں سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ، نائب صدر خرم لودھی، سابق صدور میاں انجم نثار، محمد علی میاں، سابق سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نصر اللہ مغل، اگیزیکٹو کمیٹی ممبران عمر سرفراز، سید حسن رضا، محسن بشیر، رانا شعبان اختر، ندیم انصاری، احد امین ملک، آصف خان، عرفان قریشی اور حافظ سجاد سمیت کاروباری برادری کی بڑی تعداد موجود تھی۔ وفاقی وزیر محمد جنید انوار نے کہا کہ وزارت میری ٹائم افیئرز نے اب تک 100 سے زائد اصلاحاتی اقدامات کیے ہیں جبکہ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پورٹ قاسم کی عالمی رینکنگ میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ 99 ویں نمبر سے 69 ویں نمبر پر آ گیا ہے جبکہ پورٹ قاسم کی رینکنگ بہتر ہو کر 56 ویں نمبر پر پہنچ گئی ہے۔ ان کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ نے رواں سال اپنی 138 سالہ تاریخ کا ریکارڈ توڑا جبکہ ادارے کا منافع 18.8 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے فلیٹ میں تین نئے جہاز شامل کیے گئے ہیں جس سے مجموعی استعداد میں 40 فیصد اضافہ ہوا ہے اور مستقبل میں مزید توسیع کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ بحران کے دوران ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قلت نہ ہونے میں وزارت میری ٹائم افیئرز کا کلیدی کردار رہا۔ ایک جہاز جس کا کرایہ 14 ملین ڈالر تھا، اسے 0.8 ملین ڈالر پر حاصل کیا گیا تاکہ ایندھن کی درآمد بلا تعطل جاری رہ سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جنگی حالات کے دوران لاجسٹکس کے مسائل کے پیش نظر ٹرانس شپمنٹ پر پورٹ چارجز میں 50 فیصد تک کمی کی گئی جس سے کاروباری برادری کو ریلیف ملا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹرانس شپمنٹ کے آغاز کے بعد صرف 24 دنوں میں اتنا کارگو ہینڈل کیا گیا جتنا ماضی میں پورے سال کے دوران سنبھالا جاتا تھا، جس سے پاکستانی بندرگاہوں کی استعداد اور کارکردگی دنیا کے سامنے آئی۔ محمد جنید انور نے کہا کہ فلوٹنگ ایل این جی ٹرمینل کے علاوہ لینڈ بیسڈ ایل این جی ٹرمینل کے قیام کی تکنیکی اسٹڈی مکمل کر لی گئی ہے اور اس منصوبے میں 3 سے 4 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پورٹ قاسم میں 1.4 ارب ڈالر کی لاگت سے ''سی ٹو اسٹیل'' شپ بلڈنگ منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے جبکہ ملٹی پرپز کارگو ٹرمینل، انٹی گریٹڈ آئل ٹرمینل اسٹوریج اور نئے کنٹینر ٹرمینل بھی قائم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ منوڑہ شپ یارڈ کو دوبارہ فعال بنایا جا رہا ہے تاکہ جہازوں کی مرمت اور سروسنگ کے لیے سنگاپور یا چین جانے کی ضرورت نہ رہے۔ فشریز سیکٹر کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فشریز برآمدات کا 500 ملین ڈالر کا ہدف عبور کرتے ہوئے 568 ملین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں جبکہ ٹیونا فش پاکستان کے لیے اربوں ڈالر کی برآمدی صلاحیت رکھتی ہے جس پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان اپنی تقریباً ایک ہزار کلومیٹر طویل ساحلی پٹی اور اہم جغرافیائی محل وقوع کے باوجود بلیو اکانومی کی مکمل صلاحیت سے فائدہ نہیں اٹھا سکا۔ انہوں نے کہا کہ سمندری معیشت کے شعبے میں موجود مواقع سے بھرپور استفادہ کر کے پاکستان اربوں ڈالر کا اضافی زرمبادلہ حاصل کر سکتا ہے اور علاقائی تجارت میں اپنی اہمیت مزید بڑھا سکتا ہے۔ انہوں نے بندرگاہوں پر ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو مزید تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سامان کی کلیئرنس میں غیر ضروری تاخیر کاروباری لاگت میں اضافے اور عالمی مسابقت میں کمی کا سبب بنتی ہے۔

معیشت کی بہتری

چوہدری محمد اشرف

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے پر اپنوں اور پرایوں نے بھی اطمینان کا اظہار کیا ہے اور ایسا ہونا بھی چاہیے کہ نہ صرف دہائیوں پر محیط تعلقات کو نئی جہت ملی بلکہ دونوں ممالک کے بزرگوں اور سابق راہنماؤں کی روحیں بھی مطمئن ہوئی ہوں گی۔ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات تب سے ہیں، جب سعودی عرب سے ابھی تیل بھی نہیں نکلا تھا، سعودی عرب کو سب سے بڑا اعزاز حرمین شریفین کی خدمت ہے، دنیا بھر سے حجاج کرام یہاں آتے اور حرمین، شریفین مسلمانوں کی عقیدت کے مراکز ہیں، حالیہ معاہدہ کے بہت سے فوائد گنائے جا رہے ہیں، انہی میں ایک یہ بھی ہے کہ اب پاکستان کو بھی حفاظت میں ذمہ دار بنا دیا گیا اور یہ بہت بڑی سعادت ہے، اس معاہدہ پر اب تک مثبت ردعمل ہی سامنے آیا ہے اور جل کر کوئلہ ہو جانے والوں نے ابھی تک دم دبا رکھا ہے اور کوئی بات نہیں کی۔

میں آج جب یہ سطور لکھ رہا ہوں تو میری آنکھوں کے سامنے 1974ء کی فلم چل رہی ہے، جب عالم اسلام کے تمام راہنما لاہور آئے اور پنجاب اسمبلی کو چوتھی اسلامی کانفرنس کی میزبانی کا اعزاز حاصل ہوا، یہ کانفرنس بڑی تاریخ ساز تھی کہ اس میں شاہ فیصل، معمر قذافی، جمال عبدالناصر، یاسر عرفات اور دیگر اہم ترین سربراہان شریک ہوئے اور اسلامی دنیا کے اتحاد اور مل کر چلنے کا بھی فیصلہ ہوا، کانفرنس میں شریک ہونے والے سربراہان بڑے قد آور تھے اور اسلامی کانفرنس انہی کا لگایا پودا ہے جو آج بھی شجر سایہ دار بنا ہوا ہے، تاہم اسلامی امہ کو یہ دکھ ہے کہ 1974ء کے عہد و پیماں پورے نہ ہوئے اور جو خواب ان بڑوں نے دیکھا وہ پورا نہ ہو سکا اور اس دور کے سربراہ باری باری بوجوہ دنیا سے عالم بالا کو سدھار گئے۔ اگر کوئی فرق رہا تو اس میں پاکستان اور سعودی عرب کا وجود اور حالیہ قیادت تک آمد ہے جبکہ ایک خواب عملی شکل بھی اختیار کر گیا اور آج پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے اور اس کا دفاع بھی مضبوط ہاتھوں میں اور مضبوط ہے جس کا مظاہرہ گزرے ماہ مئی میں ہو چکا، جب دشمن کے نہ صرف ارادے خاک میں ملے بلکہ پاک فوج کی برتری بھی ثابت ہوئی کہ بڑے دشمن کو جذبہ حریت کے ساتھ تکنیکی مہارت سے مات دی گئی۔ اب دنیا میں پاک، سعودی عرب دفاعی معاہدہ زیر بحث ہے، جس کے مطابق یہ عہد کیا گیا کہ ایک دوسرے کے ملک کے خلاف جارحیت دونوں کے ساتھ متصور ہوگی اور دونوں مل کر ہی دفاع کریں گے، خواب اگرچہ بہت بڑا تھا لیکن اس کی تعبیر ممکن نہ ہوئی، تاہم اسلامی کانفرنس کسی نہ کسی طرح قائم رہی اور ہے، اگرچہ عام مسلمان اس وقت مایوس ہوتا ہے جب کسی جارحیت کے خلاف اجلاس ہو تو صرف مذمتی قرارداد پر انحصار کیا جاتا ہے، تاہم قطر پر اسرائیلی حملے اور امریکہ کی ڈپلومیسی نے اب عرب دنیا کی آنکھیں بھی کھول دی ہیں کہ قطر، بہت بڑی امریکی بیس ہے اور یہ ممکن ہی نہیں کہ اس کے علم اور اطلاع کے بغیر ایسا حملہ کیا جائے جس میں مخصوص دفتر اور رہائش گاہ نشانہ ہو اور حماس کے تعلق رکھنے والے مصالحتی وفد کے بعض اراکین شہید ہو جائیں، چنانچہ اس کا ردعمل بھی ہوا اور قطر کی طرف سے جوابی کارروائی کے حق کا ذکر کیا گیا، یہ حق تاحال جوابی وار کی شکل میں تو استعمال نہیں ہوا، البتہ قطر نے اقوام متحدہ اور عالمی عدالت سے رجوع کر لیا ہے، یہ فورم ایسے ہیں کہ جہاں سے تاحال غزہ کے مظلوم ترین فلسطینیوں کو کوئی ریلیف نہیں مل سکی اور نہ ہی امریکہ کے ہوتے ہوئے کوئی امید ہے، حال میں دوحہ میں ہونے والی کانفرنس میں بھی سابقہ رویہ اختیار کیا گیا اور کسی اہم عملی اقدام کا فیصلہ نہ ہوا اگرچہ پاکستان کی طرف سے ٹھوس تجاویز بھی پیش کی گئیں، امہ اتحاد کی تجویز بھی ان میں شامل تھی۔

اس کے بعد اب پاک سعودی دفاعی معاہدے نے دنیا بھر کو چونکا دیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ جلد ہی اس کے خلاف مخصوص لابیوں کی مخالفت شروع ہو جائے گی، تاہم اب یہ عمل یقینی طور پر آگے بڑھے گا اور امکان ہے کہ جلد ہی قطر اور متحدہ امارات بھی اس معاہدہ کا حصہ ہوں گے جبکہ مزید ملک بھی اس کا حصہ بن جائیں گے، جب چوتھی اسلامی کانفرنس میں ملت اسلامیہ کے اتحاد کا فیصلہ ہوا تو دنیا یونی پولر نہیں تھی، تاہم تب بھی امریکی لابی مضبوط جانی جاتی تھی، اب تو یونی پولر ورلڈ ہے، تاہم فرق اتنا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر وغیرہ امریکہ لابی کا حصہ جانے جاتے ہیں اگرچہ قطر پر حملے کے حوالے سے امریکی رویہ یہ ہے کہ اب اسرائیلی حملہ نہیں کرے گا کہ اب صبر کر لو، تاہم اسی حوالے سے عرب دنیا میں بھی سوچ پیدا ہوئی ہے اور اتحاد کے حوالے سے زیادہ مثبت ماحول بنا ہے۔

میں دیگر تجزیہ کار حضرات سے ذرا مختلف سوچ رکھتا ہوں کہ اس وقت دنیا میں سات ممالک ڈیکلیئرڈ ایٹمی صلاحیت والے ہیں جبکہ شمالی کوریا مختلف مثالوں سے ظاہر کر کے بھی اقرار نہیں کرتا اور اسرائیل کی بھی یہی پوزیشن ہے۔ یوں اب امریکہ واحد ایٹمی قوت نہیں ہے، چنانچہ اب سب کو سوچ سمجھ کر اقدامات کرنا ہوں گے، اگرچہ امریکہ، اسرائیل کی حمایت میں بہت آگے جا چکا ہے اور محترم ٹرمپ تو ہر بار حماس ہی کو دھمکی لگاتے اور مسلسل غزہ خالی کرانے کی حمایت کرتے ہیں۔ قطر میں مصر اور قطر کے علاوہ امریکی حمایت سے جو مذاکرات اب تک ہوئے ان میں جنگ بندی کا حتمی معاہدہ بھی اسی لئے نہیں ہو سکا کہ نہ صرف اسرائیل بلکہ امریکہ بھی یہ شرط عائد کر کے منوانا چاہتا ہے کہ حماس نہ صرف یرغمالی غیر مشروط طور پر رہا کرے بلکہ ہتھیار ڈال کر غیر مسلح ہو جائے اس پر بھی اسرائیل فلسطین اتھارٹی کو نہیں مانتا اور اس کی یہ بھی شرط ہے کہ غزہ کا انتظام اسرائیلی شمولیت کے ساتھ غیر جانبدار انتظامیہ سنبھالے اس حوالے سے تجویز تھی کہ قطر، امارات اور مصر مشترکہ طور پر کنٹرول سنبھالیں۔

سفرنامہ

الطاف انجم

بیماری ایک ایسی حقیقت ہے جس سے ہر انسان کو زندگی کے کسی نہ کسی مرحلے پر واسطہ پڑتا ہے۔ اس کے حل کے لئے کوششیں بھی اتنی ہی پرانی ہیں جتنی بیماری۔ قدیم دور میں انسان نے بیماریوں کا علاج دھاتوں اور جڑی بوٹیوں میں ڈھونڈا۔ آج بھی جو دوائیاں کسی بھی طریقہ علاج میں بن رہی ہیں اُن کی بنیاد یہی ہے، بہت کم لوگوں کو اس کا احساس ہوگا کہ جو مصالحے ہم اپنے کھانے کو لذیذ بنانے کے لئے استعمال کرتے ہیں دراصل ان میں بہت سی بیماریوں کا علاج ہے اور ان مصالحوں کا استعمال پڑھے لکھے حکما نے شروع کرایا تھا۔ یونانی طبیب آج بھی انہی جڑی بوٹیوں سے مریضوں کا علاج کر رہے ہیں لیکن اب یونانی طب ریسرچ کے فقدان کی وجہ سے بڑی حد تک متروک ہو چکی ہے اب ایلوپیتھی ہی بہترین طریقہ، علاج کے طور پر رائج ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہومیوپیتھی طریقہ، علاج بھی مفید ہے دونوں کا ظہور یورپ میں ہوا لیکن کچھ کم علمی اور غلط فہمیوں کی وجہ سے ہومیوپیتھی زیادہ مقبول نہیں ہے۔

مجھے 1980ء میں گلے کی ایک بیماری سے واسطہ پڑ گیا جسے Fharyngitis کہتے ہیں۔ میں مختلف ڈاکٹروں سے اس کا علاج کرواتا رہا انگریزی طریقہ، علاج میں اس کی دوا اینٹی بائیوٹک ہے چونکہ یہ ایک زخم ہے اور پھر یہ پھیلتا جاتا ہے لیکن اینٹی بائیوٹک سے وقتی طور پر تو فائدہ ہو جاتا ہے لیکن بیماری ختم نہیں ہوتی۔ وقت گزرتا گیا مجھے ایک میڈیکل کے سٹوڈنٹ نے بتایا کہ دراصل اس بیماری کا کوئی علاج نہیں لیکن ڈاکٹر حضرات آپ کو یہ بات نہیں بتائیں گے۔ اسلام آباد میں قیام کے دوران ایک دوست مجھے ممتاز مفتی کے پاس لے گئے۔ مفتی صاحب علم و ادب کے علاوہ ہومیوپیتھی میں بھی دلچسپی رکھتے تھے اور مفت علاج کرتے تھے۔ یوں میرا اس طریقہ، علاج سے تعارف ہوا پھر میں فیصل آباد چلا گیا وہاں میرے دفتر کے قریب ایک ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد اشرف مرحوم کلینک کرتے تھے کسی طرح میرا اُن سے تعارف ہو گیا جس کے ساتھ ہی اُن سے دوستی اور ہومیوپیتھی سے شغف بڑھتا گیا۔ فیصل آباد سے اسلام آباد واپسی ہوئی تو دنیا گھومنے کا موقع ملا۔ ایک دفعہ دورہ برطانیہ کے دوران میں نے وہاں ایک ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے مشورہ کیا۔ پھر ایک دفعہ پیرس جانے کا اتفاق ہوا وہاں بھی مشہور شاہراہ شانزے لیزے میں ایک ڈاکٹر سے مشورہ کیا۔ ڈاکٹر صاحب ظاہر ہے اعلیٰ میڈیکل کوالیفکیشن کے حامل تھے پھر ساتھ والے کمرے میں انہوں نے کچھ مشینی آلات بھی رکھے ہوئے تھے انہوں نے دوائی لکھ دی۔ بازار میں گئے تو پتہ چلا کہ پیرس میں ہر فارمیسی میں ہومیو پیتھک دوائی دستیاب ہے۔ کئی دفعہ امریکہ جانا ہوا وہاں بھی ہومیو پیتھک دوائیاں دستیاب ہیں۔

ایلوپیتھی ایک بہت ایڈوانسڈ طریقہ، علاج ہے اور اس کی ایجوکیشن اور دوسری تمام سہولتیں بھی عام دستیاب ہیں اور بلاشبہ اس میں ریسرچ بہت اعلیٰ سطح کی ہے اور اس سے بہت ساری بیماریوں کا کامیاب علاج ہو رہا ہے لیکن اس کے باوجود بہت ساری بیماریوں کا علاج اس سسٹم میں بھی دریافت نہیں ہو سکا مثلاً جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا ہے Fharyngitis اور آنکھوں کی بیماری موتیا۔ موتیا کا آپریشن ہوتا ہے دوائی کوئی نہیں۔

اس طرح کی اور بھی کئی بیماریاں ہیں لیکن عام بیماریوں کے علاوہ ہومیو پیتھی میں ان بیماریوں کا بھی علاج موجود ہے۔ پھر انگریزی طب میں بہت ساری بیماریوں کے لئے مریضوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ انہوں نے یہ دوائی زندگی بھر استعمال کرنی ہے یعنی بیماری کو ختم کرنے کی کوئی دوائی نہیں بلکہ اسے ایک سطح پر روکے رکھنا ہے پھر جتنی بیماریاں مریض بتاتا ہے اتنی ہی دوائیاں لکھ دی جاتی ہیں لہٰذا عموماً عمر رسیدہ آدمی روزانہ آٹھ آٹھ دوائیاں استعمال کر رہے ہوتے ہیں، لیکن ہومیو پیتھی میں صورتحال مختلف ہے آٹھ دس بڑی دوائیاں تو سر سے پیر تک سارے جسم پر اثر کرتی ہیں لہٰذا عموماً آپ تین چار بیماریوں کا علاج صرف ایک دوائی سے بھی کر سکتے ہیں پھر ان کے منفی اثرات بالکل نہیں یا بہت کم ہوتے ہیں جبکہ انگریزی دوائیوں کے منفی اثرات بہت نمایاں اور بعض دفعہ خطرناک ہوتے ہیں۔ ہومیو پیتھی دوائیاں انگریزی دوائیوں کی نسبت سستی ہوتی ہیں۔ ایلوپیتھی، ہومیو پیتھی اور یونانی دوائیاں بھی دھاتوں اور جڑی بوٹیوں سے بنتی ہیں صرف ہر سسٹم میں دوائی بنانے کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے۔ انگریزی دوائیوں کے تجربات جانوروں پر کئے جاتے ہیں، جبکہ ہومیو پیتھک دوائیوں کے تجربات انسانوں پر کئے جاتے ہیں۔

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہومیو پیتھک طریقہ، علاج بہت اچھا ہے تو پھر یہ مقبول کیوں نہیں۔ اس کی بہت ساری وجوہات ہیں ایک تو دوائیاں باہر سے آتی ہیں، صرف لاہور میں ایک جگہ بن رہی ہیں۔ سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اس کی تعلیم بہت کمزور ہے۔ ایم بی بی ایس کے مقابلے میں پاکستان میں ہومیو پیتھی کا کورس کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ پاپولر نہ ہونے کی وجہ سے کوئی نوجوان اس کو پیشے کے طور پر نہیں اپناتا لہٰذا ہومیو پیتھی کورس کرنے والوں میں عموماً نیم خواندہ مثلاً کلرک اور نچر لیول کے لوگ شامل ہوتے ہیں۔ مارکیٹ میں اس شعبے میں بہت کم صحیح کوالیفائیڈ ڈاکٹر دستیاب ہیں۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ اگرچہ اس کا تعلق اوپر بیان کی گئی صورت حال ہے وہ یہ کہ اس میں شفا کے امکانات بہت کم ہیں عام طور پر مذاقاً کہا جاتا ہے کہ یہ ہومیو پیتھک ٹائپ چیز ہے یعنی اس کا کوئی خاص اثر نہیں۔ اس صورت حال کی دو تین وجوہات ہیں ایک تو یہی کہ ڈاکٹر نیم خواندہ ہیں پھر جب وہ کلینک بناتے ہیں تو اخراجات پورے کرنے کے لئے کچھ غلط کام کرتے ہیں مثلاً ہر مریض کو پانچ چھ دوائیاں دے دیں گے تاکہ معقول رقم حاصل کر سکیں حالانکہ ہومیو پیتھی کے بانی کا نظریہ یہ تھا سنگل ریمیڈی یعنی ایک وقت میں ایک دوائی استعمال کریں۔ بعض بیماریوں میں کسی دوائی کی ہائی پوٹینسی کی ایک دو خوراکیں ہی کافی ہوتی ہیں لیکن ایک دو خوراکیں دے کر ڈاکٹر مریض سے معقول رقم وصول نہیں کر سکتا۔

تیسری وجہ یہ کہ ڈاکٹر دوائی کے استعمال سے متعلق پوری معلومات مریض کو نہیں دیتے مثلاً دوائی کھانے کا طریقہ اور پھر دوائی کھانے سے پہلے اور بعد میں کم از کم 20 منٹ کچھ کھانا پینا نہیں، حالانکہ کلینک میں دیوار پر یہ چیزیں لکھی ہونی چاہئیں لیکن میں نے کہیں نہیں دیکھا۔ نتیجہ کہ مریض دوائی کی صحیح خوراک اور اسے صحیح طریقے سے استعمال نہیں کرتا اس لئے نتیجہ مایوس کن نکلتا ہے۔ بعض پڑھے لکھے لوگ بھی سمجھتے ہیں کہ یہ ایک فراڈ ہے اگر یہ فراڈ ہے تو یہ جرمنی، فرانس اور برطانیہ جیسے ملکوں میں کس طرح چل رہا ہے ہمارے پڑوسی ملک بھارت میں بہت بڑے بڑے ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہیں، جنہوں نے اس طریقہ علاج پر کتابیں لکھی ہیں۔ وہاں ہومیو پیتھک ہسپتال ہیں۔ میں اپنے مطالعے اور تجربے کی بنیاد پر کہتا ہوں۔

ایشیائی شیر

مزمل قریشی

پندرہ برس قبل، سوشل میڈیا کے بے ہنگم اور بے سمت بیجان سے جنم لینے والی 'بہار عرب' تیونس، مصر، لیبیا، یمن اور شام کو تازہ دم خزاؤں کی نذر کرتی، ریگزار عرب کا لقمہ ہوگئی۔ کوئی بارہ چودہ برس بعد، سیاسی تحرک کی ایک موج شیر خونے جنوبی ایشیا کے تین ممالک، سری لنکا، بنگلہ دیش اور نیپال کو ہلا ڈالا۔

سات دہائیوں سے مختلف انواع مسائل کا شکار سری لنکا، مسلسل معاشی بحران کی گہری دلدل میں دھنستا ہی چلا گیا۔ 1983ء سے 2009ء تک جاری رہنے والی چھبیس سالہ سول وار نے اس کی کمر توڑ کر رکھ دی۔ سنبھلنے نہ پایا تھا کہ کرونا نے آلیا۔ معیشت مزید ناتواں ہوگئی یہاں تک کہ جب اُسے اپریل 2022ء میں کم و بیش چار ارب ڈالر کی ادائیگیاں کرنا تھیں، اُس کی زرمبادلہ کی تجوری میں دو ارب ڈالر بھی نہ تھے۔ اُس نے رسمی طور پر دیوالیہ (Default) ہونے کا اعلان کر دیا۔ اس کے ساتھ ہی عوام کے لئے روزمرہ زندگی کے ایک ایسے عذاب ناک جہنم کے دروازے کھل گئے جس کی تفصیل لرزا کے رکھ دیتی ہے۔ نہ بجلی، نہ پانی، نہ ادویات، نہ اشیائے خوردونوش، نہ نقل و حمل، نہ پٹرول، نہ روزگار، احتجاج کی شدید لہر کا رُخ صدر گوتابایا کی طرف مڑا۔ وہ سنگاپور فرار ہو گیا۔ سری لنکا کا کمال یہ ہے کہ سول وار ہو یا کچھ اور، اُس نے کبھی انتخابی عمل میں خلل نہ پڑنے دیا۔ پارلیمنٹ قائم رہی اور سول حکومت (جیسی بھی تھی) ہر بحران کا سامنا کرتی رہی۔ دوسرا قابل ذکر پہلو یہ ہے کہ سری لنکن فوج نے، سول وار اور چھوٹے بڑے سیاسی بحرانوں کے باوجود کبھی اقتدار پر قبضہ نہ کیا۔ نومبر 2024ء کے انتخابات میں کامیابی کے بعد 'نیشنل پیپلز پاور' (NPP) کی راہنما، 'ہرینی امرسوریہ' وزارت عظمیٰ پر فائز ہیں۔ سری لنکا مارچ 2023ء میں، آئی۔ ایم۔ ایف سے تین ارب ڈالر کا بیل آؤٹ پیکج حاصل کر چکا ہے۔ سنبھلنے کا عمل جاری ہے۔ بنگلہ دیش کی کہانی کا خلاصہ حسینہ واجد کی پندرہ برس پر محیط ظالمانہ، منتقمانہ اور فرعونانہ حکمرانی ہے جس نے سیاسی مخالفین کو پھانسیوں سے لے کر طویل قید و بند کی اذیتوں سے گذارا۔ برسر اقتدار آتے ہی اُس نے '1971ء کی جنگِ آزادی'' میں کردار ادا کرنے والے خاندانوں اور اُن کے بچوں کے لئے سرکاری ملازمتوں میں 30 فی صد کا بھاری کوٹہ مقرر کر دیا۔ اُس کے خلاف احتجاج ہوتے رہے۔ 2018ء میں اس کوٹے کو جزوی طور پر محدود کیا گیا لیکن جولائی 2024ء میں ہائی کورٹ نے 30 فی صد کوٹہ مکمل طور پر بحال کر دیا۔ اس پر بے روزگاری سے اُکتائے نوجوانوں بالخصوص طلبا نے شعلہ بار احتجاجی تحریک اٹھائی جس کے اہداف کا دائرہ وسیع ہوتا چلا گیا۔ مجیب الرحمٰن کی بیٹی نے تمام تر حربے آزمائے۔ صرف ایک ماہ میں ڈیڑھ ہزار افراد ہلاک ہوگئے۔ حسینہ واجد نے 5 اگست 2024ء کو استعفیٰ دیا اور بھارت جا بیٹھی۔ فوج نے معاملات کو سنبھالا دیتے ہوئے طلبہ تحریک سے مشاورت کے بعد ایک طریق کار وضع کیا۔ نوبل انعام یافتہ ڈاکٹر محمد یونس نے 8 اگست کو 'چیف ایڈوائزر' کے ٹائٹل سے عبوری حکومت کی سربراہی سنبھال لی۔ ڈاکٹر یونس نے الیکشن کمشن کو ہدایت کی ہے کہ وہ 2026ء میں، رمضان سے قبل، انتخابات کی منصوبہ بندی کرے۔ نیپال کا سرکاری نام تو 'وفاقی جمہوریہ نیپال' ہے لیکن اُس کی پوری تاریخ سیاسی کشمکش، آئی جاتی حکومتوں، شاہوں اور سیاستدانوں کی کشمکش اور اقتصادی ابتری سے عبارت رہی ہے۔ حالات سے تنگ عوام کے ایک طبقے نے اوائل ستمبر 2024ء میں کھٹمنڈو کی سڑکوں پر جلوس نکالے، نعرے لگائے کہ ''ہمیں بادشاہ واپس چاہیے۔'' سوشل میڈیا کے بے مہار پن اور نت نئے بحرانوں سے تنگ حکومت نے یکا یک سوشل میڈیا کی چھبیس اہم اور مقبول ایپس (یوٹیوب، انسٹاگرام، فیس بک، وٹس ایپ، ایکس وغیرہ) پر پابندی لگا دی۔ یکا یک مے نوشوں کا نشہ ٹوٹا تو آپے سے باہر ہوگئے۔ انہیں 'انقلاب چنبیلی'، یا 'بہار عرب' جیسا کوئی خوبصورت نام تو نہ ملا، اپنی تحریک کو 'جین زی' کا پُرشباب نام دیا اور حکومت پر چڑھ دوڑے۔ تنصیبات پر حملہ آور ہوئے۔ وزرا کو گھسیٹا۔ ایک کو مار بھی ڈالا۔ دیکھتے دیکھتے دو درجن افراد کی جانیں گئیں۔ فوج طلب ہوئی، کرفیو لگے۔ شکستِ نشہ سے بے قابو ہو جانے والی 'جین زی' کا دباؤ بڑھتا گیا۔ وزیراعظم کے پی شرما نے استعفیٰ دے دیا۔ فوج نے بندوبست کو سمیٹنے میں کردار ادا کیا۔ سابق چیف جسٹس سوشیلا کمارکی کو عبوری وزیراعظم بنا دیا گیا۔ پارلیمنٹ توڑ دی گئی ہے۔ مارچ 2026ء میں نئے انتخابات ہو رہے ہیں۔ جنوبی ایشیاء کے تینوں ممالک میں اس وقت سکون ہے۔ سری لنکا مضبوط انتخابی اور پارلیمانی نظم کی بدولت سنبھل چکا ہے۔ نیپال اور بنگلہ دیش، نئے انتخابات کے منتظر ہیں۔ بحر ہند اور خلیج بنگال کی بے چین لہروں کو قرار سا آتا جا رہا ہے۔ اسے محض اتفاق ہی کہا جا سکتا ہے کہ اپریل 2022ء میں عمران خان کے خلاف کامیاب تحریک عدم اعتماد اور سری لنکا کے دیوالیہ ہونے کے واقعات لگ بھگ ایک ساتھ رونما ہوئے۔ سو محرومی و مایوسی کے زخم خوردہ عمران کے لئے، سری لنکا کا دیوالیہ ہو کر شدید سیاسی و اقتصادی بحران سے دوچار ہونا اور عوام کا سیاستدانوں پر چڑھ دوڑنا، ایک بڑا ہی دل خوش کن منظر بن گیا۔ انہیں اس سے چنبیلی کی خوشبو آنے لگی۔ اب ہدف یہ ٹھہرا کہ اگر مجھے پاکستان کو سری لنکا بنا کر اپنے مقاصد حاصل کرنے ہیں تو اسے کسی نہ کسی طور پر دیوالیہ پن (Default) کی کھائی میں پھینکنا ہوگا۔ اس کا واحد طریقہ یہ ہے کہ پاکستان کے زرمبادلہ کی تجوری خالی ہو جائے اور وہ ضروری بیرونی ادائیگیاں نہ کر سکے۔ اس کے لئے دو تکاتی فارمولا وضع ہوا۔ پہلا یہ کہ آئی۔ ایم۔ ایف پر شدید دباؤ ڈالا جائے کہ وہ پاکستان کو قرض نہ دے۔ اس مقصد کے لئے خطوط نویسی، بیرونی سرپرستوں کے ذریعے ہمہ پہلو دباؤ، پاکستان کی صورت حال کے بارے میں شدید پراپیگنڈے، بیان فروش ارکان پارلیمنٹ کے بیانات حتیٰ کہ آئی۔ ایم۔ ایف ہیڈ کوارٹر کے سامنے فتنہ پرور مظاہروں کے حربے استعمال کئے گئے۔ تجوری خالی کرنے کی حکمتِ عملی کا دوسرا اہم نکتہ سمندر پار پاکستانیوں سے اپیل کرنا تھا کہ وہ اپنی رقوم پاکستان نہ بھیجیں۔ پاکستان کے ماتھے پر ''دیوالیہ پن'' کی کالک تھوپ کر اپنے ذاتی و سیاسی اہداف حاصل کرنے اور عوام کو ناقابلِ تصور مسائل سے دوچار کر دینے کا یہ منصوبہ ناکام ہو گیا۔ ستمبر 2024ء میں آئی۔ ایم۔ ایف نے پاکستان کے ساتھ سات ارب ڈالر کا تین سالہ پروگرام طے کر لیا۔ سمندر پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر بڑھتی ہی چلی گئیں۔ عمران خان کا حیا باختہ سوشل میڈیا، اُن کے کسی کام نہ آیا۔ اس کے باوجود، عمران خان کے دل میں سری لنکا، نیپال اور بنگلہ دیش، خواب خوش رنگ کی طرح مہکتے رہتے ہیں۔ حاصل کلام یہ ہے کہ ایک پائیدار، مستحکم اور باشعور انقلاب، سوشل میڈیا کے طفلانِ کوچہ و بازار کے بس کی بات نہیں۔ یہ عمل پتھر ماری، ریاضت اور وقت مانگتا ہے۔ ایک پودے کو تناور درخت بننے کیلئے برسوں درکار ہیں جبکہ ایک برقی آرا اُسے چند لمحوں میں پارہ پارہ کر سکتا ہے۔

پانی کا بحران انقریب

خالد اکرام

پانی زندگی ہے، لیکن کوئٹہ میں زندگی پانی کے بغیر ایک روزمرہ حقیقت بن چکی ہے۔ بلوچستان کا دارالحکومت، جو کبھی اپنے میٹھے چشموں اور قدرتی خوبصورتی کے لیے مشہور تھا، آج پاکستان کے بدترین پانی کے بحران کا شکار ہے۔ کوئٹہ کے بہت سے رہائشیوں کے لیے صاف پانی ڈھونڈنا روٹی کمانے سے بھی زیادہ مشکل ہو گیا ہے۔ صورتحال نہایت سنگین ہے لیکن اسے وہ فوری توجہ نہیں ملی جس کی یہ مستحق ہے۔

بحران کی وجوہات

کوئٹہ کے پانی کے بحران کی کئی وجوہات ہیں۔ سب سے پہلے، یہ شہر زیادہ تر زیر زمین پانی پر انحصار کرتا ہے۔ کئی سالوں سے بغیر منصوبہ بندی کے ٹیوب ویلوں کے ذریعے زیر زمین پانی نکالا جا رہا ہے

شال بقیہ 1

کی جس پر انتہائی غائرنگ کی گئی۔ پاسدارانِ انقلاب کے بیان میں کہا گیا ہے کہ آئندہ اطلاع تک کسی بھی بحری جہاز کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اگر دشمن اس واقعے کو بہانہ بنا کر کسی بھی قسم کی غلطی کرتا ہے تو اسے سخت جواب دیا جائے گا۔ پاسدارانِ انقلاب نے مزید کہا کہ امریکی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا اور خطے میں موجود تمام فوجی اڈوں کو بھی نشانہ بنایا جائے گا۔ دریں اثنا اقوام متحدہ میں ایران کے سفیر امیر سعید ایروانی نے خبردار کیا کہ اگر امریکا نے ذیل کے تحت اپنے وعدے پورا نہ کیے تو ایرانی حکومت مفاہمتی یادداشت پر عمل ترک کر دے گی۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے امیر سعید ایروانی نے 7 اور 8 جولائی کو ایرانی جزائر اور جنوبی شہروں پر امریکی حملوں کو اقوام متحدہ کے چارٹر کی اور باہمی مفاہمتی یادداشت کی صریحاً خلاف ورزی قرار دیا۔ ایرانی مندوب کا کہنا تھا کہ اگر امریکا نے خلاف ورزیاں جاری رکھیں تو ایران بھی اپنی ذمہ داریاں پورا کرنے کا پابند نہیں رہے گا۔ گزشتہ روز ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے اعلان کیا تھا کہ وہ اپنے والد اور سابق رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کے قتل کا بدلہ لے کر رہیں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق مجتبیٰ خامنہ ای نے اپنے ٹیلیگرام پیغام میں کہا کہ میرے شہید والد کے خون کا بدلہ لینا قوم کا مطالبہ ہے اور یہ ضرور لیا جائے گا۔ ان کا یہ بیان مشہد میں رہبر اعلیٰ آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی تدفین کے بعد سامنے آیا جس میں لاکھوں سوگواروں نے شرکت کر کے اپنے قائد کو عقیدت اور احترام کے ساتھ الوداع کہا۔ آیت اللہ علی خامنہ ای 28 فروری کو امریکی اور اسرائیلی فضائی حملوں میں شہید ہوئے تھے۔ ایکس پر پوسٹس کی ایک سیریز میں انہوں نے ایران اور عراق، خصوصاً تہران، قم، نجف، کربلا اور مشہد میں لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں لوگوں کو شہید خامنہ ای کے جنازے میں شریک ہونے پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ والد کے قتل کا بدلہ لینے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ ہمارے شہید قائد کے مجرم اور رسوا قاتل، جن کے نام اوپر سے نیچے تک مکمل طور پر ریکارڈ پر موجود ہیں، اپنے بستر پر پرسکون موت مرنے کا خواب کبھی پورا نہیں کر سکیں گے، بلکہ یہی خواب اپنے ساتھ قبر میں لے جائیں گے۔

شال بقیہ 2

علماء کرام نے آزادی کے حصول کے لیے ناقابلِ فراموش قربانیاں دیں۔ انگریز استعمار کے خلاف جہاد کا آغاز علماء نے کیا، انہوں نے پھانسی کے پھندے چومے، جلاوطنی برداشت کیں، جائیدادیں اقتدار کی اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، لیکن غلامی کو قبول نہیں کیا۔ آج کی نسل پر یہ قرض ہے کہ وہ ان قربانیوں کی حفاظت کرے اور پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور اسلامی شناخت کو ہر قیمت پر محفوظ بنائے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک برصغیر کی سیاسی قیادت علماء کے ہاتھ میں رہی، معاشرے میں مذہبی، لسانی اور فرقہ وارانہ تصادم کی وہ کیفیت پیدا نہیں ہوئی جو بعد کے ادوار میں سامنے آئی۔ ان کا کہنا تھا کہ تقسیم کی سیاست، نفرتوں کا فروغ اور مختلف طبقات کو ایک دوسرے کے مقابل کھڑا کرنے کی روش نے ملک اور معاشرے کو شدید نقصان پہنچایا جبکہ جمعیت علمائے اسلام نے ہمیشہ اتحادِ امت، قومی یکجہتی اور باہمی احترام کی سیاست کو فروغ دیا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ آج بھی پاکستان کو اندرونی اور بیرونی سطح پر مختلف چیلنجز کا سامنا ہے لیکن ان کا حل تصادم، نفرت اور انتشار میں نہیں بلکہ آئین، قانون، انصاف، عوامی اعتماد اور جمہوری اداروں کی مضبوطی میں پوشیدہ ہے۔ اگر ریاست اپنے شہریوں کے آئینی حقوق کا تحفظ کرے، شفاف انتخابات کو یقینی بنائے اور عوام کو ان کی حقیقی نمائندگی فراہم کرے تو ملک سیاسی اور معاشی استحکام کی جانب بڑھ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ووٹ کا احترام جمہوریت کی بنیاد ہے۔ اگر عوام کے حقِ رائے دہی پر شبہات پیدا ہوں یا انتخابی عمل پر اعتماد مجروح ہو تو اس کے اثرات پورے سیاسی نظام پر مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ عوام کی نمائندہ ہے، اس کا بنیادی فرض عوام کے حقوق کا تحفظ، آئین کی پاسداری اور ریاستی اداروں کے درمیان آئینی توازن کو برقرار رکھنا ہے۔ معاشی صورتحال پر اظہارِ تشویش کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی، گیس، پٹرول اور روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام آدمی کی زندگی اجیرن دشوار بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کو ریلیف فراہم کرنا، معیشت کو مستحکم کرنا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور قومی وسائل کو عوامی مفاد پر خرچ کرنا ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام یہ محسوس کریں کہ ان کے ٹیکس کا پیسہ ان کی فلاح و بہبود کے بجائے قرضوں کے سود، غیر پیداواری اخراجات یا ایسے معاملات پر خرچ ہو رہا ہے جن سے عوام کو براہِ راست فائدہ نہیں پہنچتا تو عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد متاثر ہوتا ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ شفاف طرز حکمرانی اختیار کرے، قومی وسائل کے استعمال میں جوابدہی کو یقینی بنائے اور عوام کے اعتماد کو بحال کرے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ پاکستان کے تمام صوبے اور وفاقی اکائیاں اس ملک کی مشترکہ طاقت ہیں۔ بلوچستان، خیبر پختونخوا، سندھ اور پنجاب کے قدرتی وسائل پر سب سے پہلا حق وہاں کے عوام کا ہے۔ وسائل کی تقسیم آئین، انصاف اور مساوات کے اصولوں کے مطابق ہونی چاہیے تاکہ احساسِ محرومی ختم ہو، قومی ہم آہنگی مضبوط ہو اور ہر شہری خود کو ریاست کا مساوی حصہ دار محسوس کرے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی علاقے کے عوام خود کو اپنے وسائل، ترقیاتی منصوبوں یا معاشی مواقع سے محروم سمجھیں گے تو وہاں بے چینی پیدا ہوگی، اس لیے ضروری ہے کہ تمام صوبوں اور علاقوں کو ان کے جائز حقوق دیے جائیں، آئینی تقاضے پورے کیے جائیں اور ترقی کے ثمرات ہر شہری تک یکساں طور پر پہنچیں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نے ہمیشہ فرقہ واریت، لسانی تعصب، علاقائی نفرت اور قومیتوں کو ایک دوسرے کے مقابل لانے کی سیاست کی مخالفت کی ہے۔ ہماری سیاست کا محور پاکستان کی وحدت، اسلامی اقدار، جمہوری استحکام، آئین کی بالادستی اور عوام کے حقوق کا تحفظ ہے، اور آئندہ بھی یہی ہماری جدوجہد کا راستہ رہے گا۔

شال بقیہ 3

گھر بنائے، روزگار کے مواقع پیدا کیے اور علاقے کو تاقابل تسخیر بنایا۔ بلال اکبر کیانی کا کہنا تھا کہ قائد نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز کا آزاد کشمیر کے عوام سے خصوصی اور اٹوٹ رشتہ ہے، اور کشمیر کاز کے ساتھ ساتھ کشمیریوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کی خوشحالی ہمیشہ مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیح رہی ہے۔ انہوں نے میرپور اور جہلم کے گیرے، شتے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جہلم کی طرح میرپور بھی ان کا اپنا گھر ہے اور پاکستان و کشمیر کی ترقی ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہے۔ وزیر مملکت نے خطے میں جاری اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ لاہور سے سیالکوٹ تک موٹروے مکمل ہونے کے بعد اب سیالکوٹ سے کھاریاں تک کام جاری ہے، جبکہ کھاریاں سے راولپنڈی موٹروے سیکشن کا کنٹریکٹ بھی ہو چکا ہے، جس پر جلد کام شروع ہو کر وزیراعظم شہباز شریف کے موجودہ دور میں ہی مکمل ہوگا۔ اس موٹروے سے میرپور اور آزاد کشمیر کے عوام کو سفری سہولیات کا بے پناہ فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف آزاد کشمیر میں دانش اسکولوں اور یونیورسٹی کے قیام کا اعلان کر چکے ہیں جبکہ حال ہی میں خستہ حال دینہ منگلا روڈ کی تعمیر بھی کرائی گئی ہے۔ بلال اکبر کیانی نے یقین دلایا کہ منگلا سے میرپور آتے ہوئے عوام کو پل پر پیش آنے والی سفری مشکلات کو بھی فوری طور پر حل کیا جائے گا۔ کارنر میٹنگ سے قبل وزیر مملکت بلال اکبر کیانی کی صدارت میں چوہدری محمد سعید کی رہائش گاہ پر ضلع میرپور کے چاروں انتخابی حلقوں (ایل اے 1، ایل اے 2، ایل اے 3 اور ایل اے 4) کا ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں مستقبل کی انتخابی حکمت عملی، اب تک کے انتظامات اور پولنگ ڈے کی ذمہ داریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس اور کارنر میٹنگ میں حلقہ کوٹ رادھا نزد ذوالفقار بھنڈر، مدثر قیوم ناہرہ، علی گوہر خان بلوچ، عارف گل، اور امیدواران چوہدری محمد سعید (ایل اے 3)، عظیم بخش چوہدری (ایل اے 2) اور چوہدری رخسار احمد (ایل اے 4) سمیت دیگر پارٹی رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ بلال اکبر کیانی نے پارٹی کارکنوں کے بے مثال جذبے کو سراہتے ہوئے عزم کا اظہار کیا کہ آنے والے انتخابات میں بھرپور محنت کر کے قائد نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کی جیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر موجود کارکنوں نے "نواز شریف زندہ باد" اور "کشمیر بنے گا پاکستان" کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔

شال بقیہ 4

بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی فیشن، بالخصوص لارڈ عامر سرفراز جیسے ممتاز پارلیمنٹیرینز، دونوں ممالک کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پاکستانی کمیونٹی عوامی روابط، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں اپنا تعمیری کردار جاری رکھے گی۔

شال بقیہ 5

بیان میں کہا گیا ہے کہ کارروائی کے دوران زمینی اور بحری اڈوں سے پرواز کرنے والے جنگی طیاروں، ڈرونز اور امریکی بحری جہازوں سے جدید اور انتہائی درست ہتھیار استعمال کیے گئے۔ بیان کے مطابق حملوں میں ایران کے میزائل اور ڈرون تنصیبات، بحری اثاثے، اسلحہ گودام، مواصلاتی مراکز اور ساحلی نگرانی کے نظام کو نشانہ بنایا گیا۔ امریکی فوج کا کہنا ہے کہ تین راتوں پر مشتمل ان کارروائیوں میں مجموعی طور پر 300 سے زائد اہداف کو نشانہ بنایا جا چکا ہے۔ سینٹکام کے مطابق ان حملوں کا مقصد ایران کی اس صلاحیت کو کمزور کرنا ہے جس کے ذریعے وہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں اور بین الاقوامی بحری نقل و حمل کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے دعویٰ کیا کہ کشیدگی کے باوجود آبنائے ہرمز سے تجارتی جہازوں کی آمد و رفت جاری ہے اور عالمی توانائی کی ترسیل مکمل طور پر معطل نہیں ہوئی۔ سینٹکام کے مطابق امریکی افواج نے رواں سال مئی کے آغاز سے اب تک آبنائے ہرمز سے 800 سے زائد تجارتی جہازوں اور تقریباً 400 ملین بیرل خام تیل کی محفوظ ترسیل میں معاونت فراہم کی ہے۔

شال بقیہ 6

کے مطابق امریکی نیوز چینل فوکس کو انٹرویو میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کمرشل بحری ٹریفک کے لیے کھلی ہوئی ہے جبکہ امریکا اور ایران کے ایک دوسرے پر حملے جاری ہیں، جس کے نتیجے میں دنیا کے اہم تیل سپلائی روٹ کی سلامتی کے حوالے سے تشویش میں اضافہ ہوا ہے۔

شال بقیہ 7

خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران کا رویہ خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ وزارت کے مطابق ایران کی جانب سے تجارتی جہازوں پر حملے اور بحری راستوں کو نشانہ بنانا اقوام متحدہ کے چارٹر، اسلامی تعاونِ تنظیم کے اصولوں اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ سعودی عرب نے کہا کہ ایسے اقدامات سے نہ صرف خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے بلکہ عالمی بحری تجارت، جہاز رانی اور آبنائے ہرمز میں آمد و رفت کی آزادی بھی خطرے میں پڑ رہی ہے۔ اگرچہ حالیہ ایرانی حملوں میں سعودی عرب کو براہِ راست نشانہ نہیں بنایا گیا، تاہم گزشتہ ہفتے آبنائے ہرمز سے گزرنے والا ایک سعودی آئل ٹینکر حملے میں متاثر ہوا تھا۔ دوسری جانب عمان نے بھی اپنے علاقے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ناقابلِ قبول قرار دیا ہے۔ عمان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق حکومت نے کہا ہے کہ سلطنت عمان اپنی سرزمین پر ہونے والے ہر حملے کی سخت مذمت کرتی ہے۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا جب ایرانی وزیر خارجہ چند گھنٹے قبل ہی آبنائے ہرمز کی سیکیورٹی سے متعلق مذاکرات کے لیے عمان کے دورے پر موجود تھے۔ ادھر کویت کی وزارت خارجہ نے بھی ایرانی حملوں کو کھلی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ وزارت نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ حملے ایک بار پھر ایران کے جارحانہ طرزِ عمل کی عکاسی کرتے ہیں اور ملک کی سلامتی، استحکام اور شہریوں و غیر ملکی رہائشیوں کی حفاظت کے لیے براہِ راست خطرہ ہیں۔ کویتی حکومت نے مزید کہا کہ یہ کارروائیاں بین الاقوامی قانون، اقوام متحدہ کے چارٹر اور سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی خلاف ورزی ہیں۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اگر کشیدگی میں مزید اضافہ ہوا تو اس سے خطے میں سفارتی کوششیں متاثر ہو سکتی ہیں اور بحران مزید گہرا ہونے کا خدشہ ہے۔ خلیجی ممالک کے ان بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ آبنائے ہرمز اور خلیجی خطے میں حالیہ کشیدگی پر علاقائی تشویش میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ مختلف ممالک تنازع کے حل کے لیے سفارتی مذاکرات اور کشیدگی میں کمی پر زور دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 8

ہے کہ مجھ پر ایسے الزامات عائد نہ کیے جائیں جن کا حقیقی وفاقی نمائندگی سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعتی خاندان آج بھی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں نمائندگی رکھتا ہے، اس لیے عوام کو بتایا جائے کہ حکومت کا حصہ ہونے کے باوجود جعفر آباد کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ان کی آواز کیوں بلند نہیں ہوئی۔ اس موقع پر چیئرمین مانگھوٹی میر مغنا خان بادینی بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 9

باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر رہی اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ گزشتہ رات حکومتی نمائندوں اور دھرنا کمیٹی کے درمیان کئی گھنٹوں تک مذاکرات ہوئے، تاہم دونوں فریق کسی حتمی اتفاقِ رائے تک نہ پہنچ سکے، جس کے باعث مذاکرات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی جانب سے مذاکرات کا سلسلہ دوبارہ شروع کرنے کی کوششیں جاری ہیں تاکہ مسئلے کا باعزت اور پرامن حل نکالا جا سکے۔ دھرنا کمیٹی اور شہدا کے ورثا نے واضح کیا ہے کہ مطالبات کی منظوری اور تحریری یقین دہانی تک احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ مائی کے پہاڑی علاقے میں تعینات پولیس اہلکاروں کو مناسب سکیورٹی، جدید اسلحہ اور بروقت کمک فراہم نہیں کی گئی، جس کے باعث قیمتی جانوں کا نقصان ہوا۔ ورثا نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، شہدا کے خاندانوں کی مکمل مالی کفالت، اہلِ خانہ کو سرکاری ملازمتیں، بچوں کے لیے مفت تعلیم اور دہشت گردی کے سدباب کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ احتجاجی دھرنے میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنما، قبائلی نمائندین، وکلا، تاجر برادری، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہے۔ شرکا نے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشت گردی میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی مقام پر فضا انتہائی سوگوار رہی، جہاں شہدا کے اہلِ خانہ، خواتین، بزرگ اور بچے اپنے پیاروں کی میتوں کے ساتھ موجود رہے اور انصاف کے حق میں نعرے لگاتے رہے۔ دوسری جانب انتظامیہ نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے دھرنے کے مقام پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کر رکھے ہیں جبکہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی اضافی نفری بھی تعینات ہے۔ واضح رہے کہ مائی کے پہاڑی علاقے میں دہشت گردوں کے حملے میں متعدد پولیس اہلکار شہید ہوئے تھے، جس کے بعد پورے بلوچستان میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی اور مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں کی جانب سے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشت گردی کے خاتمے اور پولیس اہلکاروں کی بہتر سکیورٹی کے لیے عملی اقدامات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 10

18 جون تک چلنے والے سینیٹ اجلاس میں 32 اراکین سینیٹ نے تمام اجلاس میں حاضری دی۔ فافن کی رپورٹ کے مطابق اجلاس کے پہلے دن اراکین سینیٹ کی حاضری سب سے زیادہ رہی، 95 میں سے 72 سینیٹرز اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس کی پانچویں اور چھٹی نشست میں اراکین کی حاضری سب سے کم رہی جب کہ 95 میں سے صرف 64 سینیٹرز حاضر ہوئے۔ فافن کے مطابق اجلاس کے دوران 63 سینیٹرز ایسے تھے جو کم از کم ایک دن مکمل غیر حاضر رہے، ان کی تعداد 66 فیصد بنتی ہے، ایک وفاقی وزیر اجلاس میں ایک دن بھی شریک نہیں ہوئے۔ فافن کے مطابق سینیٹ اجلاس میں قائد ایوان اسحاق ڈار صرف ایک دن شریک ہوئے جب کہ سینیٹ میں قائد حزبِ اختلاف راجہ ناصر عباس نے پانچ روز اجلاس میں شرکت کی۔

شال بقیہ 11

کو ذرائع نے بتایا کہ اوسا کا سے دبئی جانے والے امارات ایئر لائن ای کے 9801 کے انجن میں ایندھن موصول ہوئی تھی، جس کے نتیجے میں ہنگامی لینڈنگ ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ طیارے کو کراچی ایئرپورٹ پر پارک کر کے تکنیکی طور پر چیک کیا جا رہا ہے۔ مزید بتایا گیا کہ طیارے کو جانچ پڑتال اور مرمت کے بعد دبئی روانہ کر دیا جائے گا۔

شال بقیہ 12

حملہ، چادر اور چار دیواری کے تقدس کی پامالی اور دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ عناصر بلوچستان کے امن، روایات اور سماجی اقدار کے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر شفیق الرحمٰن میینگل نے جس بہادری سے حملہ آوروں کا مقابلہ کیا، اسی طرح ہمیں بندوک کے عوام نے بھی دہشت گردوں کا ڈٹ کر سامنا کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور بھارت کے ایجنٹ بلوچستان میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں، لیکن ریاست، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور بلوچستان کے عوام متحد ہو کر ان کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے متاثرہ خاندانوں کو یقین دلایا کہ اب اپنی حفاظت کی ذمہ داری انہیں خود اٹھانے کی ضرورت نہیں، کیونکہ یہ حکومت کی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔

شال بقیہ 13

کا بے بنیاد الزام لگایا ہے، میں نے آج تک کسی کا لعمر سلیم کو تسلیم کیا اور نہ بھیجا ہے، اگر اس طرح خوبیت آتی ہے تو اللہ مجھے موت نصیب کریں لیکن جس حکومتی شخص نے میرے خلاف غلط پروپیگنڈہ کیا اس کے خلاف جلد ایک ارب روپے کا ہرجانہ بھجوا لگا" یہ بات انہوں نے پیر دن ملک سے صحافیوں سے فون پر بات چیت کرتے ہوئے کی انہوں نے کہا کہ میں کسی شخص یا وزیر اعلیٰ کی وجہ سے محب الوطنی نہیں بلکہ شروع دن سے لیکر آج تک میرا پورا خاندان یعنی کھیتران قبائل ملک کے ساتھ مخلص ہو کر سیاست کر رہی ہے اور آج تک ہم اس پر قائم ہے کیا ایک وزارت لینے کے بعد میں محب الوطنی چھوڑ دوں گا یہ ہرگز نہیں بلکہ پہلے سے اب ملک کی استحکام اداروں کی مضبوطی کے لیے اپنا کردار ادا کروں گا تاہم کچھ لوگ جو اس طرح مجھے بدنام کرنے کا پروپیگنڈہ اور غلط بیانات کا سہارا لے رہے ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے میں کا علم تحقیقوں کو تسلیم نہیں کرتا ہوں بہتر یا چند دو در کی بات ہے جس شخص نے مجھ پر بے بنیاد الزامات لگائے وہ درست نہیں ہے، ورنہ اس میں کوئی حقیقت ہے جلد اس شخص کو ایک ارب بھر جانے کا قانونی طور پر نوٹس بھجوا دوں گا۔

شال بقیہ 14

قیمت موجودہ نرخ سے 15 روپے 86 پیسے فی لیٹر ہوئی، اس صورت میں پیٹرول کی قیمت 310 روپے 71 پیسے کے بجائے 294 روپے 85 پیسے فی لیٹر بنتی۔ 3 جولائی تک پیٹرول پر پیٹرولیم لیوی 64 روپے 14 پیسے فی لیٹر تھی، بعد ازاں حکومت نے 4 جولائی سے لیوی میں 6 روپے 22 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا، جبکہ 11 جولائی سے مزید 9 روپے 64 پیسے فی لیٹر اضافہ کر دیا گیا۔ ان دونوں اضافوں کے بعد پیٹرول پر پیٹرولیم لیوی بڑھ کر 80 روپے فی لیٹر ہو گئی ہے، پیٹرول کی موجودہ قیمت 310 روپے 71 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔

شال بقیہ 15

کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر رہی اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ گزشتہ رات حکومتی نمائندوں اور دھرنا کمیٹی کے درمیان کئی گھنٹوں تک مذاکرات ہوئے، تاہم دونوں فریق کسی حتمی اتفاقِ رائے تک نہ پہنچ سکے، جس کے باعث مذاکرات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی جانب سے مذاکرات کا سلسلہ دوبارہ شروع کرنے کی کوششیں جاری ہیں تاکہ مسئلے کا باعزت اور پرامن حل نکالا جا سکے۔ دھرنا کمیٹی اور شہدا کے ورثا نے واضح کیا ہے کہ مطالبات کی منظوری اور تحریری یقین دہانی تک احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ مائی کے پہاڑی علاقے میں تعینات پولیس اہلکاروں کو مناسب سکیورٹی، جدید اسلحہ اور بروقت کمک فراہم نہیں کی گئی، جس کے باعث قیمتی جانوں کا نقصان ہوا۔ ورثا نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، شہدا کے خاندانوں کی مکمل مالی کفالت، اہلِ خانہ کو سرکاری ملازمتیں، بچوں کے لیے مفت تعلیم اور دہشت گردی کے سدباب کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ احتجاجی دھرنے میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنما، قبائلی نمائندین، وکلا، تاجر برادری، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہے۔ شرکا نے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشت گردی میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی مقام پر فضا انتہائی سوگوار رہی، جہاں شہدا کے اہلِ خانہ، خواتین، بزرگ اور بچے اپنے پیاروں کی میتوں کے ساتھ موجود رہے اور انصاف کے حق میں نعرے لگاتے رہے۔ دوسری جانب انتظامیہ نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے دھرنے کے مقام پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کر رکھے ہیں جبکہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی اضافی نفری بھی تعینات ہے۔ واضح رہے کہ مائی کے پہاڑی علاقے میں دہشت گردوں کے حملے میں متعدد پولیس اہلکار شہید ہوئے تھے، جس کے بعد پورے بلوچستان میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی اور مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں کی جانب سے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشت گردی کے خاتمے اور پولیس اہلکاروں کی بہتر سکیورٹی کے لیے عملی اقدامات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 16

کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر رہی اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ گزشتہ رات حکومتی نمائندوں اور دھرنا کمیٹی کے درمیان کئی گھنٹوں تک مذاکرات ہوئے، تاہم دونوں فریق کسی حتمی اتفاقِ رائے تک نہ پہنچ سکے، جس کے باعث مذاکرات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی جانب سے مذاکرات کا سلسلہ دوبارہ شروع کرنے کی کوششیں جاری ہیں تاکہ مسئلے کا باعزت اور پرامن حل نکالا جا سکے۔ دھرنا کمیٹی اور شہدا کے ورثا نے واضح کیا ہے کہ مطالبات کی منظوری اور تحریری یقین دہانی تک احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ مائی کے پہاڑی علاقے میں تعینات پولیس اہلکاروں کو مناسب سکیورٹی، جدید اسلحہ اور بروقت کمک فراہم نہیں کی گئی، جس کے باعث قیمتی جانوں کا نقصان ہوا۔ ورثا نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، شہدا کے خاندانوں کی مکمل مالی کفالت، اہلِ خانہ کو سرکاری ملازمتیں، بچوں کے لیے مفت تعلیم اور دہشت گردی کے سدباب کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ احتجاجی دھرنے میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنما، قبائلی نمائندین، وکلا، تاجر برادری، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہے۔ شرکا نے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشت گردی میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی مقام پر فضا انتہائی سوگوار رہی، جہاں شہدا کے اہلِ خانہ، خواتین، بزرگ اور بچے اپنے پیاروں کی میتوں کے ساتھ موجود رہے اور انصاف کے حق میں نعرے لگاتے رہے۔ دوسری جانب انتظامیہ نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے دھرنے کے مقام پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کر رکھے ہیں جبکہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی اضافی نفری بھی تعینات ہے۔ واضح رہے کہ مائی کے پہاڑی علاقے میں دہشت گردوں کے حملے میں متعدد پولیس اہلکار شہید ہوئے تھے، جس کے بعد پورے بلوچستان میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی اور مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں کی جانب سے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشت گردی کے خاتمے اور پولیس اہلکاروں کی بہتر سکیورٹی کے لیے عملی اقدامات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 17

حکومت اور دھرنے کے شرکا کے درمیان مذاکرات بیک تک ملتوی ہونے کے بعد ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کی مشکلات کم کرنے کے لیے کوئلہ پھاٹک پل کو ٹریفک کے لیے کھولنے کا فیصلہ کیا۔ پل کھلنے کے بعد گاڑیوں کی آمد و رفت معمول پر آنا شروع ہو گئی، جس سے شہر بھر میں ٹریفک کا دباؤ کم ہونے لگا۔ شہریوں نے پل کی بحالی کا خیر مقدم کرتے ہوئے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ مستقبل میں ایسے حالات کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متبادل انتظامات کیے جائیں تاکہ عوام کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

شال بقیہ 18

بیان میں مختلف زیارت میں ہونیوالے بدترین دہشت گردی جس کے نتیجے میں کئی قیمتی جانیں جام شہادت نوش کر چکی ہیں واقعہ کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے نااہل اور جعلی حکومت کی غفلت کو ناہی بلکہ مشکوک عمل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی ٹینک کے لیے 30 سے زائد پولیس اہلکاروں کو اچانک تعینات کر کے پھر انہیں دہشت گردوں سے لڑنے کے لیے بغیر اضافی اسلحے کے بھیجنا اور ان کے بار بار کال کرنے اسلحہ ختم ہونے اور امداد مانگنے کے باوجود مدد نہ ملنے، بروقت اطلاع ملتے ہی انتظامی آفیسران اور دیگر سیکورٹی فورسز کے آفیسران کی خاموشی اور اپنی ذمہ داری میں غفلت کے عمل کو عوام میں شک و شبہات بڑھا دیتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ، گورنر، حکومتی و سیاسی عہدیدار شہدائے زیارت کے لواحقین کے جاری دھرنے کے تمام مطالبات فی الفور حل کرے تاکہ پورے صوبے کے عوام میں پھیلی ہوئی بے چینی کا سدباب ممکن ہو سکے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے عوام سے ماہانہ کروڑوں روپے سیکورٹی کے نام پر بجٹ اور ٹیکسز کاٹے جاتے ہیں لیکن سیکورٹی اداروں کے اہلکاروں اپنے پیک پوسٹوں پر اُ

پشتونوں کو لاوارث سمجھا جائے تو قوم نے متحد و منظم ہونا ہوگا

نواب ایاز جوگیزئی

آپ انصاف نہیں کریں گے، غرتیں، کدورتیں جنم دینگے تو حالات اور خراب ہوں گے موجودہ حالات بنوں اوڑک نہ زیارت کے لیے ہیں بلکہ تمام وطن میں یہ طوفان منڈلا رہا ہے، پشتون قوم بے اتفاقی سے گریز کریں

وزیرستان سے سبق حاصل کرنا ہوگا، سٹلائٹ ٹیکنالوجی سے معدنی خزانوں کو دریافت کیا جارہا ہے، کسی کو اختیار نہیں کے ہمارے معدنیات کو بریف کیس میں لیجا کر دنیا کو نمونہ پیش کرے

کوئٹہ (آئی این پی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے زیارت مانگی سانحہ جس میں 27 پولیس اہلکار شہید ہوئے کیخلاف کوئٹہ کے کوئلہ پھاٹک پر جاری عوام کی جم غفیر پرامن احتجاجی دھرنے سے اپنے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، زیارت پولیس لواحقین لاشیوں کے ہمراہ دھرنے میں بیٹھے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بلوچستان اسسمنٹ کمیشن میں صوبے کی حق پر ڈاکہ ڈالنے کی سخت مذمت کرتے ہیں' نذر بزنجو

مشاورت سے احتجاج کے ساتھ قانونی چارہ جوئی سے گریز نہیں کیا جائے گا' صوبائی صدر پرائیویٹ سکولز فیڈریشن

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی صدر نذر بزنجو' عابد ناصر' عزیز اللہ کاکڑ' گل محمد مستوئی' امان اللہ مینگل' احتشام' امیر محمد کاکڑ و دیگر رہنماؤں نے بلوچستان اسسمنٹ کمیشن میں صوبے کی حق پر ڈاکہ ڈالنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے نجی سکولز کے نمائندگی پر صوبے کے باہر شخص کی تقرری کو مسترد کرتے ہوئے محکمہ تعلیم کے چند افسران اور نجی سکولز کے نام پر الائنس کی مجرمانہ گٹھ جوڑ کے خلاف بھرپور احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ کیا ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے

قلات، بنیچہ اور رود نجو کے درمیانی علاقے سے شخص کی لاش برآمد، ہسپتال منتقل

مقتول کی شناخت شبیر احمد رئیسانی کے نام سے کرلی گئی: ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے، پولیس

قلات (یو این اے) بلوچستان کے ضلع قلات سے ایک شخص کی نعش برآمد، شناخت شبیر احمد ولد ملا وزیر کے نام سے ہوئی، پولیس ذرائع کے مطابق قلات کے علاقے بنیچہ و رود نجو کے درمیانی علاقے جنگ آباد سے ایک شخص کی نعش برآمد ہوئی، نعش کو شناخت کیلئے ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کردیا گیا، جہاں پر نعش کی شناخت شبیر احمد ولد ملا وزیر قوم رئیسانی سکنہ قلات کے نام سے ہوئی، نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام دشمن فیصلہ ہے' سید امان شاہ

پاکستان میں پٹرول 310.7 روپے فی لیٹر، جبکہ سعودی عرب، قطر، کویت اور ملائیشیا میں نمایاں سستا ہیں

کوئٹہ (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے اس فیصلے نے پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار عوام پر مزید بوجھ ڈال دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ایک مرتبہ پھر عوامی مفادات کو نظر انداز کرتے ہوئے پٹرول کی قیمت 310.71 روپے فی لیٹر مقرر کردی ہے، جس کے اثرات ہر شعبہ زندگی پر مرتب ہوں گے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ دنیا کے متعدد ممالک نے عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود اپنی عوام کو ریلیف فراہم کیا۔

سبی کی ترقی اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے' کوہیار ڈومکی

سرکاری بھرتیوں میں میرٹ کو یقینی بنایا، ای کامرس کے ذریعے نوجوانوں کو روزگار فراہم کریں گے

سبی کے ماسٹر پلان پر جلد عمل شروع ہوگا، بنیادی مسائل کا مستقل حل نکالا جائے گا: صوبائی وزیر صنعت وتجارت

سبی (آئی این پی) صوبائی وزیر انڈسٹری اینڈ کامرس و پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما تمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان کی ترقی نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی سمیت عوام کی خوشحالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کوئٹہ: رائٹر رحمہ ہاشمی اپنی کتاب YouinLostForever کی لانچنگ تقریب کے دوران ایم پی اے راحلی بلوچ کو کتاب پیش کررہی ہیں

یک طرفہ معاہدوں کا دور ختم، اپنے وعدے پورے کرو یا اس کی قیمت چکاؤ، باقر قالیباف

تہران آبنائے ہرمز میں اپنے مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کرے گا، ایرانی اسپیکر

تہران (این این آئی) ایران کے اعلیٰ مذاکرات کار اور اسپیکر پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ یکطرفہ معاہدوں کا دور ختم ہو چکا ہے۔ ایران کے اعلیٰ مذاکرات کار اور اسپیکر پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف نے ایکس پر اپنے پیغام میں کہا یک طرفہ معاہدوں کا دور ختم ہو چکا، پہلے ہی خبردار کیا تھا لفظی وعدے پورے کرو یا اس کی قیمت چکاؤ۔ ایرانی اسپیکر نے کہا اب حقیقت تمہارے دروازے پر دستک دے رہی ہے، تہران آبنائے ہرمز میں اپنے مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کرے گا۔ قالیباف نے اپنی پوسٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

بیرون ممالک دوروں کے دوران بھارت کی ہزیمت کا سلسلہ جاری

مودی کی آمد کے چند گھنٹوں بعد ہی آسٹریلوی شہری نے ہوٹل میں داخل ہو کر نعرے بازی شروع کردی

نئی دہلی (این این آئی) اقلیتوں پر بڑھتے مظالم نے نام نہاد عالمی رہنما کے دعویدار مودی کی بین الاقوامی حیثیت کو مٹی میں ملا دیا۔ مودی کے دورہ آسٹریلیا سے قبل ہی انسانی حقوق کی تنظیموں نے مودی کے اقلیتوں پر بدترین مظالم کیخلاف احتجاج کا اعلان کیا تھا۔ بھارتی جریدہ انڈیا ٹوڈے کے مطابق آسٹریلیا میں مودی کی آمد کے چند گھنٹوں بعد ہی آسٹریلوی شہری نے ہوٹل میں داخل ہو کر نعرے بازی شروع کر دی۔ آسٹریلوی باشندے نے مودی کیخلاف نعرے بازی کرتے ہوئے کہا کہ یہ آسٹریلیا ہے، ہمیں مزید بھارتی نہیں چاہیے۔

اسلام آباد میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش، موسم خوشگوار، گرمی کا زور ٹوٹ گیا

خراب موسم کے باعث کئی پروازیں بھی متاثر ہوئیں، موسم بدستور خراب رہنے کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ تیز بارش ہوئی جس سے موسم خوشگوار ہوگیا اور گرمی سے تنگ شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔ حکام کے مطابق راولپنڈی اور اسلام آباد میں بارش کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آگئے جبکہ خراب موسم کے باعث کئی پروازیں بھی متاثر ہوئیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد، بالائی پنجاب، شمال مشرقی بلوچستان، خیبر پختونخوا اور کشمیر میں چند مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔

بلوچستان شدید ہیٹ ویو کی لپیٹ میں، حکومت اور پی ڈی ایم اے کو ہائی الرٹ جاری

بی، جعفر آباد اور جھل مگسی میں پارہ 52 ڈگری تک پہنچ گیا، آئندہ 4 سے 5 روز مزید شدید گرمی کی پیش گوئی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر اضلاع شدید گرمی کی لپیٹ میں آ گئے ہیں، جہاں سورج آگ برسا رہا ہے اور دوپہر کے اوقات میں معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ محکمہ موسمیات نے حکومت بلوچستان اور پی ڈی ایم اے کو ہیٹ ویو الرٹ جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ آئندہ چار سے پانچ روز کے دوران درجہ حرارت میں مزید 4 سے 6 ڈگری سینٹی گریڈ اضافے کا امکان ہے، جس سے ہیٹ ویو کی شدت مزید بڑھ سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اتوار کے روز کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 45 ڈگری سینٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

دہشتگردی واقعات کے حقائق عوام کے سامنے لائیں' سیاسی و مذہبی جماعتیں

مطالبات تسلیم نہ ہونے کی صورت میں سیاسی جماعتیں اور دھرنا کمیٹی مل کر سخت لائحہ عمل اختیار کرے' مولانا واسع' اصغر خان قمبرانی

کوئٹہ (این این آئی) سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ زیارت اور بنہ اوڑک میں دہشت گردی کے جو واقعات رونما ہوئے ہیں ان کے پس پردہ کچھ اور لوگ ہے اور یہ اس خطے کے لیے بدنامی کے ساتھ خطرات بھی لاحق ہے آئے روز عوام لاشیں اٹھاتے اٹھاتے تک گئے حکومت اس حوالے سے تحقیقات کر کے تمام حقائق عوام کے سامنے لائی جائے ورنہ اس سے مزید نفرتیں اور مشکلات پیدا ہوسکتی ہے زیارت دھرنے کی مکمل حمایت اور حکومت کو جو مطالبات پیش کیے گئے اس پر عملدرآمد کیا جائے نہ ہونے کی صورت میں سیاسی جماعتیں اور دھرنا کمیٹی مل کر سخت لائحہ عمل اختیار کرے گی' یہ بات جمعیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ملک میں گندم کی کوئی قلت نہیں، رانا تنویر حسین

قیمتوں میں مصنوعی اضافہ، ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ملک میں گندم کی کوئی قلت نہیں ہے اور قیمتوں میں مصنوعی اضافے اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ گزشتہ روز وفاقی وزیر برائے غذا، تحفظ رانا تنویر حسین کی زیر صدارت ملک میں گندم کی پیداوار، دستیابی، خریداری اور مارکیٹ میں قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے ہیٹ بورڈ کا نواں اجلاس ہوا، جس میں سیکریٹری وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، پنجاب اور سندھ کے چیف سیکریٹریز، تمام صوبوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسرائیل ایران کے ساتھ معاہدے کی ناکامی کے منظرنامے کے لیے تیار

اسرائیل پر ایران کا کوئی بھی حملہ بڑے پیمانے کے ردعمل کے ساتھ پورا کیا جائے گا، ذرائع

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی اندازوں میں امریکہ اور ایران کے درمیان حتمی معاہدے تک پہنچنے کے امکانات کم ہونے کا انکشاف کیا گیا ہے۔ یہ انکشاف ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب تل ابیب نے علاقائی محاذ آرائی کے پھیلنے یا تہران کی جانب سے براہ راست حملے کے خدشے کے پیش نظر اپنی عسکری تیاریوں کی سطح بلند کردی ہے، جبکہ امریکہ کے ساتھ سکیورٹی اور عسکری رابطہ بھی جاری ہے۔ اسرائیلی میڈیا نے حکام کے حوالے سے نقل کیا کہ سکیورٹی اسٹیبلشمنٹ میں غالب اندازے یہ بتاتے ہیں کہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان ذاکراتی عمل کی کامیابی کے امکانات حالیہ عسکری کشیدگی اور دونوں جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

☆☆☆ کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نعمان مندوخیل کی عیادت کررہے ہیں ☆☆☆

پرواز کے دوران طیارے کی کھڑکی اکھڑ گئی، مسافر معجزانہ طور پر موت کے منہ سے بچ گیا

کھڑکی اکھڑنے کے فوری بعد شدید ہوا کے دباؤ کے باعث مسافر کا سر اور کندھے طیارے سے باہر نکل گئے' عینی شاہدین

برلن (این این آئی) یونان سے جرمنی جانے والی ایک مسافر پرواز کے دوران اس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب طیارے کی ایک کھڑکی اچانک اپنی جگہ سے اکھڑ گئی۔ حادثے میں ایک 61 سالہ مسافر معجزانہ طور پر جہاز سے گرنے سے محفوظ رہا۔ عینی شاہدین کے مطابق کھڑکی اکھڑنے کے فوری بعد شدید ہوا کے دباؤ کے باعث مذکورہ مسافر کا سر اور کندھے طیارے سے باہر نکل گئے۔ تاہم اس کی اہلیہ اور قریبی نشستوں پر موجود دیگر مسافروں نے فوری طور پر اسے مضبوطی سے پکڑ کر دوبارہ جہاز کے اندر کھینچ لیا، جس سے اس کی جان بچ گئی۔

گلگت بلتستان' پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی فدا محمد ناشاد نااہل قرار

اثاثے چھپانے پر فدا محمد ناشاد صادق اور امین نہیں رہے، چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان

گلگت (این این آئی) الیکشن کمیشن گلگت بلتستان نے سپریم اپیلیٹ کورٹ کے فیصلے کے تحت پیپلز پارٹی کے فدا محمد ناشاد کو نااہل قرار دے دیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان کے مطابق اثاثے چھپانے پر فدا محمد ناشاد صادق اور امین نہیں رہے، سپریم اپیلیٹ کورٹ کے فیصلے کے تحت فدا محمد کو نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کے مطابق فدا محمد ناشاد حلقہ جی بی اے 9-اسکردو 3 سے کامیاب ہوئے تھے۔ خالی نشست پر ضمنی انتخاب کا باقاعدہ شیڈول کل جاری کیا جائیگا۔ یاد رہے حلقہ جی بی اے 9-اسکردو 3 سے پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

آزاد کشمیر ہو یا پاکستان، ترقی کی واحد علامت اور ضمانت صرف نواز شریف ہیں، بلال اظہر

کشمیر کاز کے ساتھ ساتھ کشمیریوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کی خوشحالی ہمیشہ مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیح رہی ہے

میرپور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر ہو یا پاکستان، ترقی کی واحد علامت اور ضمانت صرف نواز شریف ہیں۔ کارنر میٹنگ اور تنظیمی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہو یا آزاد کشمیر، گزرے کل کی طرح آج بھی ترقی کا واحد نشان، علامت اور ضمانت صرف قائد محمد نواز شریف ہیں۔ انہوں نے نواز شریف کی ملکی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ملک میں موٹرویز اور بجلی گھر بنائے، روزگار کے مواقع پیدا کیے اور ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ قائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

جیونی کے راستے فوری کھولے جائیں عوام کو اجتماعی سزا دینا ناقابل قبول ہے' نیشنل پارٹی

پانوان دھماکے کے بعد راستوں کی بندش سے جیونی میں خوراک اور پانی کا بحران، نیشنل پارٹی کا اظہار تشویش

امن و امان کی آڑ میں شہریوں کو محصور نہ کیا جائے، جیونی کی ناکہ بندی ختم کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ جیونی کے علاقے پانوان میں کوسٹ گارڈ کی چیک پوسٹ پر ہونے والے دھماکے کے بعد پورے علاقے کے داخلی و خارجی راستوں کی بندش نے عام شہریوں کی زندگی کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ حکومت امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کا ذمہ دار ہے تاہم ایسے اقدامات جن سے شہری اجتماعی سزا کا شکار ہوں کسی طور مناسب نہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ راستوں کی مسلسل بندش کے باعث جیونی اور گردونواح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اوستہ محمد، سندھ اور بلوچستان میں پانی کی شدید قلت پر زمینداروں اور باریوں کا اہم اجلاس

گندا نہ (یو این اے) بلوچستان اور سندھ میں پانی کی قلت کے حوالے سے اوستہ محمد میں باری آباد گار اتحاد سندھ اور بلوچستان کے زمینداروں کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں باری آباد گار اتحاد کے مرکزی صدر محسن قاضی جنرل سیکرٹری حبیب اللہ جروار اوستہ محمد کے زمینداروں کی جانب سے میر حسن خان شہلانی میر خالد خان جمالی میر خان صوبدرانی دیگر زمینداروں نے شرکت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ملک کے مختلف شہروں میں موسلا دھار بارش، نشیبی علاقے زیر آب

بارشوں کے باعث شمالی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب کا خطرہ ہے، این ڈی ایم اے

اسلام آباد (این این آئی) مون سون کا نیا سسٹم ملک میں داخل ہوتے ہی مختلف شہروں میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں گرج چمک کے ساتھ تیز بارش ہوئی، جڑواں شہروں میں موسلا دھار بارش کے نتیجے میں نشیبی علاقے زیر آب آگئے۔ اس کے علاوہ لاہور سمیت پنجاب کے کئی شہروں میں بھی بادل برسے۔ محکمہ موسمیات نے دیر، چترال، سوات، کوہستان، شانگلہ، ہنگرام، مانسہرہ، پشاور، ایبٹ آباد، ہری پور، بونیر، مالاکنڈ، نوشہرہ، باجوڑ، ہنگو، کوہاٹ، کلی مروت، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور وزیرستان میں بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ علاوہ ازیں پنجاب میں راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم، لاہور، گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد، وزیر آباد، شیخوپورہ، سیالکوٹ، نارووال، ساہیوال، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا منگورہ لنڈی کس سینٹر کا دورہ

پشاور (این این آئی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے گزشتہ روز منگورہ لنڈی کس سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں خواتین نے ان کا پُرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران سینیٹر روبینہ خالد نے خواتین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ڈیرہ مراد جمالی اور بھاگ میں نامعلوم افراد دو موٹر سائیکل، کار اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ڈکیتی اور چوری کی وارداتیں تھم نہ سکیں ایک کار اور دو موٹر سائیکلوں سمیت نقدی و گھریلو سامان لوٹ لیا گیا ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود صدر پولیس تھانہ کے سامنے فیصل پلازہ کے مقام پر ڈاکوؤں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کچی میں نامعلوم افراد سوئی سدرن گیس کمپنی کے آفس پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچی میں نامعلوم افراد سوئی سدرن گیس کمپنی کے آفس پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کچی میں نامعلوم افراد نے سوئی سدرن گیس آفس پر دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے دفتر کمپیوٹرز اور دیگر سامان کو جزوی نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کردی۔

وزیراعظم کی بحری ٹاسک فورس نے پاکستانی بندرگاہوں میں اہم آپریشنل کامیابیاں حاصل کرلیں

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم کی بحری ٹاسک فورس نے پاکستانی بندرگاہوں میں اہم آپریشنل کامیابیاں حاصل کرلیں ہیں، ٹاسک فورس کی بدولت بندرگاہوں میں جگہ کے انتظام، کارگو کلیئرنس اور انفراسٹرکچر کے دیرینہ مسائل کا حل نکالا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن سمیت تمام سٹیک ہولڈرز کی شرکت سے اہم اصلاحات کا نفاذ مکمل کرلیا گیا۔

مفت بجلی ختم' افسران کو اب عام شہری کی طرح بل ملیں گے

وزارت توانائی تمام کمپنیوں کے لیے یکساں پالیسی کا اعلان کرے' لیسکو افسران کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) افسران کی مفت بجلی یونٹس کی سہولت ختم کردی گئی ہے اور انہیں عام شہری کی طرح بجلی بل ملیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے گریڈ 18 سے 20 تک کے افسران کی مفت بجلی یونٹس کی سہولت ختم کردی گئی ہے اور اب انہیں بھی عام شہریوں کی طرح بجلی کے بل ملنا شروع ہوگئے ہیں۔ لیسکو ذرائع نے بتایا کہ گریڈ 18 کے افسران کو سالانہ 6 ہزار جب کہ گریڈ 19 کے افسران کو 8 ہزار بجلی یونٹس مفت ملتے تھے، ان کے علاوہ گریڈ 20 کے افسران کو سالانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

زیارت سانحہ کے متاثرین کو انصاف اور امن وقت کی ضرورت ہے، سید صادق آغا

دھرنے کے شرکا اور ریاستی ادارے تحمل، بردباری اور مذاکرات سے مسئلے کا حل نکالیں' صوبائی نائب صدر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے زیارت سانحہ میں شہید ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس افسوسناک واقعے نے پورے بلوچستان کو غمزدہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے لواحقین کا دکھ پوری قوم کا دکھ ہے اور ان کے جائز تحفظات کو سنجیدگی، احترام اور ذمہ داری کے ساتھ سنا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کوئلہ پھاٹک پر جاری دھرنے میں خواتین، بزرگ اور عام شہری کئی روز سے موجود ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ تمام فریق صبر، تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں۔

آزاد کشمیر انتخابات بائیکاٹ پر پی ٹی آئی فیصلہ نہ کرسکی

اختلافات برقرار، 9 جولائی کو 7 دن پورے ہونے پر پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے تاحال اجلاس نہیں بلایا جاسکا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر میں عام انتخابات کے بائیکاٹ کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف تاحال کوئی فیصلہ نہیں کرسکی، اختلافات برقرار ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی یا آزاد کشمیر الیکشن بائیکاٹ کا فیصلہ 7 دن کے اندر نظرثانی اجلاس سے مشروط کیا تھا۔ پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی اور آزاد کشمیر کورنگ باڈی کے عام انتخابات میں حصہ لینے سے متعلق اختلافات برقرار ہیں، 9 جولائی کو 7 دن پورے ہونے پر پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے تاحال اجلاس نہیں بلایا جاسکا۔ قبل ازیں آزاد کشمیر کورنگ باڈی کے الیکشن میں حصہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

گوادر پورٹ پر پہلا کامیاب کمرشل بنکرنگ آپریشن، پاکستان کی سمندری تجارت میں اہم پیش رفت

بین الاقوامی ایل این جی کیریئر کو 2,500 میٹرک ٹن ایندھن کی فراہمی، گوادر فعال میری ٹائم ہب کے طور پر ابھرنے لگا

بنکرنگ سروسز کے آغاز سے زرمبادلہ، بلیو اکانومی، لاجسٹکس اور مقامی روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

گوادر (آئی این پی) گوادر پورٹ نے پاکستان کی سمندری تجارت میں ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے پہلا کامیاب کمرشل بنکرنگ (جہازوں کو ایندھن کی فراہمی) آپریشن مکمل کرلیا۔ یہ آپریشن گوادر پورٹ اتھارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

لاہور: جماعت اسلامی (جے آئی) پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان منصورہ میں مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

قطر کے سابق امیر شیخ حمد بن خلیفہ آل ثانی انتقال کرگئے

دوحہ (این این آئی) قطر کے سابق امیر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی 74 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ ان کے انتقال کی تصدیق قطر کے امیری دیوان نے سرکاری بیان کے ذریعے کی۔ امیری دیوان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پوری قوم اللہ تعالیٰ کے فیصلے اور تقدیر پر کامل ایمان کے ساتھ اس عظیم سانحے پر غمزدہ ہے۔ بیان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

لیویز فورس کی بحالی سے متعلق سوشل میڈیا پر پھیلایا گیا تاثر غلط ہے، اے این پی

لیویز فورس کابینہ کے فیصلے سے ختم ہوئی، اسی طریقے سے بحال کی جائے، اصغر خان اچکزئی

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان نے سوشل میڈیا پر صوبائی صدر اور سابق رکن بلوچستان اسمبلی اصغر خان اچکزئی سے منسوب لیویز فورس کی بحالی سے متعلق گردش کرنے والے تاثر کو غلط اور گمراہ کن قرار دیتے ہوئے اس کی وضاحت جاری کی ہے۔ جاری بیان کے مطابق سانحہ زیارت کے لواحقین، سیاسی قائدین اور حکومتی وفد کے درمیان ہونے والے مذاکرات کے دوران اصغر خان اچکزئی نے لیویز فورس کی بحالی کا مطالبہ اٹھایا۔ اس موقع پر حکومتی وفد میں شامل صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے موقف اختیار کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

امریکی نوجوانوں میں حماس کی حمایت میں اضافہ؛ اسرائیل کی حمایت میں کمی؛ سروے

نوجوان ڈیموکریٹس میں ہر 6 میں سے ایک نے حماس کے حق میں رائے دی، ریپبلکنز میں تناسب 9 میں سے ایک رہا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں کیے گئے ایک تازہ سروے سے ظاہر ہوا ہے کہ خاص طور پر نوجوانوں اور ڈیموکریٹک ووٹرز میں اسرائیل کے بارے میں مثبت رائے میں نمایاں کمی آئی ہے جبکہ بعض حلقوں میں حماس کے لیے نرم گوشہ بھی بڑھا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ تازہ رحمان پیو ریسرچ سینٹر کے تازہ سروے میں سامنے آیا ہے جس نے سب کو چونکا کر رکھ دیا ہے۔ سروے میں 18 سے 29 سال عمر کے تقریباً 13 فیصد امریکی نوجوان حماس کے بارے میں مثبت رائے رکھتے ہیں۔ البتہ 30 سے 49 سال کے افراد میں یہ شرح 11 فیصد جبکہ 50 سے 64 سال کی عمر کے افراد میں 6 فیصد رہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

کراچی، فشری کالا پانی کے قریب سمندر میں ڈوب کر نوجوان جاں بحق

ورثا کا کسی بھی قسم کی پولیس کارروائی کرانے سے انکار، لاش ورثا کے حوالے

کراچی (این این آئی) کراچی میں فشری کالا پانی کے قریب سمندر میں ڈوب کر 14 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکس کے علاقے فشری کالا پانی کے قریب سمندر میں ڈوب کر 14 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا، متوفی کی لاش ایدھی کے رضا کار غوطہ خوروں نے سمندر سے نکال لی۔ ترجمان ایدھی کے مطابق جاں بحق بچے کی شناخت 14 سالہ یاسر ولد نور محمد کے نام سے کی گئی، متوفی نوجوان مچھیر کالونی بنگالی پاڑہ کا رہائشی تھا۔ ورثا نے کسی بھی قسم کی پولیس کارروائی کرانے سے انکار کردیا، پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد جاں بحق بچے کی لاش ورثا کے حوالے کردی۔

نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ قومی نقصان کی علامت بن چکا ہے

سینیٹر محمد عبدالقادر

طویل تاخیر، تعمیراتی پیچیدگیاں، ڈیزائن میں متعدد تبدیلیوں، لاگت میں اضافے اور مالیاتی اخراجات بڑھنے کے باعث اس کی مجموعی لاگت 515 ارب روپے سے تجاوز کرچکی ہے

منصوبے کی غیر فعال حالت کی بنیادی وجہ زیر زمین واٹر وے سسٹم میں پیدا ہونے والی سنگین تکنیکی خرابیاں ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ 515 ارب روپے سے زائد لاگت سے تعمیر ہونے والا نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، جو ملک کے توانائی بحران کے خاتمے کیلئے ایک اہم قومی منصوبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، بلوچستان کے وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو زیارت دھرنے کی قیادت سے خطاب کررہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆